بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, November 22, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at 4.30 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ٱتَّبِعُواْ مَآ أُنزِلَ إِلَيۡكُم
مِّن رَّبِّكُمۡ وَلَا تَتَّبِعُواْ مِن دُونِهِۦٓ أَوۡلِيَآءَۗ قَلِيلٗا مَّا تَذَكَّرُونَ ٣
وَكَم مِّن قَرۡيَةٍ أَهۡلَكۡنَٰهَا فَجَآءَهَا بَأۡسُنَا بَيَٰتًا أَوۡ هُمۡ قَآئِلُونَ
٤ فَمَا كَانَ دَعۡوَىٰهُمۡ إِذۡ جَآءَهُم بَأۡسُنَآ إِلَّآ أَن قَالُوٓاْ إِنَّا كُنَّا
ظَٰلِمِينَ ٥ فَلَنَسۡـَٔلَنَّ ٱلَّذِينَ أُرۡسِلَ إِلَيۡهِمۡ وَلَنَسۡـَٔلَنَّ
ٱلۡمُرۡسَلِينَ ٦ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيۡهِم بِعِلۡمٖۖ وَمَا كُنَّا غَآئِبِينَ ٧
وَٱلۡوَزۡنُ يَوۡمَئِذٍ ٱلۡحَقُّۚ فَمَن ثَقُلَتۡ مَوَٰزِينُهُۥ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ
ٱلۡمُفۡلِحُونَ ٨ وَمَنۡ خَفَّتۡ مَوَٰزِينُهُۥ فَأُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ خَسِرُوٓاْ
أَنفُسَهُم بِمَا كَانُواْ بِـَٔايَٰتِنَا يَظۡلِمُونَ ٩ وَلَقَدۡ مَكَّنَّٰكُمۡ
فِي ٱلۡأَرۡضِ وَجَعَلۡنَا لَكُمۡ فِيهَا مَعَٰيِشَۗ قَلِيلٗا مَّا تَشۡكُرُونَ ١٠

[ترجمہ: (اشرف افراد کائنات) لوگو! اس (کتاب دستور) کا اتباع کرو جو تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اتری اور (اس دستور حق) کی اطاعت کے خلاف والوں کا اتباع نہ کرو کم ہی تم نصیحت قبول کرتے ہو۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ہم نے انہیں تباہ کر دیا تو ان پر ہمارا عذاب رات کے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, November 22, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at 4.30 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اِتَّبِعُوۡا مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ
مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَلَا تَتَّبِعُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَذَكَّرُوۡنَ ٣
وَكَمۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ اَهۡلَكۡنٰهَا فَجَآءَهَا بَاۡسُنَا بَيَاتًا اَوۡ هُمۡ قَآئِلُوۡنَ
٤ فَمَا كَانَ دَعۡوٰٮهُمۡ اِذۡ جَآءَهُمۡ بَاۡسُنَاۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡۤا اِنَّا كُنَّا
ظٰلِمِيۡنَ ٥ فَلَنَسۡـئَلَنَّ الَّذِيۡنَ اُرۡسِلَ اِلَيۡهِمۡ وَلَنَسۡـئَلَنَّ
الۡمُرۡسَلِيۡنَ ٦ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيۡهِمۡ بِعِلۡمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيۡنَ ٧
وَالۡوَزۡنُ يَوۡمَـئِذِ ۨالۡحَـقُّ ۚ فَمَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِيۡنُهٗ فَاُولٰۤـئِكَ هُمُ
الۡمُفۡلِحُوۡنَ ٨ وَمَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِيۡنُهٗ فَاُولٰۤـئِكَ الَّذِيۡنَ خَسِرُوۡۤا
اَنۡفُسَهُمۡ بِمَا كَانُوۡا بِاٰيٰتِنَا يَظۡلِمُوۡنَ ٩ وَلَقَدۡ مَكَّنّٰكُمۡ
فِى الۡاَرۡضِ وَجَعَلۡنَا لَـكُمۡ فِيۡهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ١٠

[ترجمہ: (اشرف افراد کائنات) لوگو! اس (کتاب دستور) کا اتباع کرو جو تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اتری اور (اس دستور حق) کی اطاعت کے خلاف والوں کا اتباع نہ کرو کم ہی تم نصیحت قبول کرتے ہو۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ہم نے انہیں تباہ کر دیا تو ان پر ہمارا عذاب رات کے

وقت آیا یا روز روشن آیا جب وہ قیلولہ کی نیند میں تھے۔ تو وہ کچھ نہ کہہ سکے
جب ان پر ہمارا عذاب آپڑا مگر یہ کہ بے شک ہم ظالم تھے۔ پس یہ ضرور ہو گا
کہ ہم ان لوگوں سے پوچھیں گے جن کی طرف ہم نے پیغمبر بھیجے اور ضرور
ہمیں پوچھنا ہے رسولوں سے تو ضرور ہم ان کے روبرو بیان کریں گے علم
کے ساتھ اور ہم کہیں غائب نہ تھے۔ اور اس روز وزن ہونا عین حق ہے تو
جن کے پلے بھاری ہوئے وہی مراد پانے والے ہیں۔ اور جن کے پلڑے ہلکے
ہوئے تو وہی ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں رکھا بدلا ان زیادتیوں
کا جو ہماری آیات کے ساتھ کرتے تھے۔ اور بے شک ہم نے تمہیں زمین
میں امکانی جماؤ دیا اور تمہارے لئے اس میں زندگی کے اسباب بنائے مگر
کم ہی تو شکر گزار ہوتے ہو۔

LAYING OF THE ORDINANCES

Mr. Chairman : Ch. Amir Hussain Sahib please lay these two Ordinances on the Table.

Ch. Amir Hussain : Sir, I lay the following Ordinances, as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan :—

(1) The Code of Criminal Procedure (Second Amendment), Ordinance, 1992 (XV of 1992).

(2) The Code of Criminal Procedure (Third Amendment) Ordinance, 1992 (XVI of 1992).

Mr. Chairman : Ordinances stand laid.

Mr. Chairman : Lalika Sahib you want to make a policy statement.

POINTS OF ORDER

Mr. Yahya Bakhtiar : Point of order.

Mr. Chairman : Mr. Yahya Bakhtiar is on a point of order.

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, courtesy demands, or propriety demands that since the Senate is here, it has introduced a Bill, it is

very well admitted that it is not a Money Bill. So it is highly improper to introduce and produce and promulgate Ordinances when the part of the Parliament is functioning.

Mr. Chairman : پہلے consider ہو

Mr. Yahya Bakhtiar: بات ٹھیک ہے I have sponsored myself that they did not say. But there are certain things which are not done particularly when the Session is going on. They could have introduced it here. So I protest against that and I will be careful about it. There is no hurry about it.

Syed Iqbal Haider : Point of order.

Mr. Chairman : Iqbal Haider Sahib is on a point of order.

Syed Iqbal Haider : Mr. Chairman, I want to inform this August House about the most unfortunate incident against the working journalist........

جناب چیئرمین : اس کے بارے میں ہے۔

سید اقبال حیدر : جناب! میری ایک گزارش سن لیں۔ انیس تاریخ کو ائرمارشل اصغر خان جو کہ انتہائی محترم لیڈر ہیں اور پاکستان کی بہت ہی respected شخصیت ہیں ان کے گھر کا مکمل گھیراؤ کیا ہوا تھا۔

میاں عبدالستار لالیکا: جناب! میں اس پر پالیسی statement دینا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : اقبال حیدر صاحب ایک incident ہوا ہے۔ ماریانہ بابر کے بارے میں اور عظیم صدیقی کے بارے میں یہ پالیسی statement دینا چاہتے ہیں۔ اقبال حیدر صاحب یہ پوائنٹ آف آرڈر کیسے بنتا ہے۔

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, I want to move an Adjournment Motion on the same point.

جناب چیئرمین : بے شک کریں لیکن آج وہ پالیسی statement دینا چاہتے ہیں۔

Syed Iqbal Haider : Now since they are being permitted to make a statement about the most condemnable incident which occurred on 19th.

جناب چیئرمین: وہ توان کا حق بنتا ہے ناں۔

Syed Iqbal Haider : Alright. I respect their right to give their statement but in the same manner, I would like them to respect my right to protest against the atrocities repeatedly being committed against the working journalist. Sir, my Adjournment Motion is there.

جناب چیئرمین: Adjournment motion نہیں تو آئے گا ناں جیسا اس کی باری آئے گی۔ پہلے ان کو پالیسی statement دینے دیں۔

under what rule for God's sake.

Syed Iqbal Haider : 236.

Mr. Chairman : I am sorry, I am not going to put it unless I first hear the honourable Minister on a policy statement.

Syed Iqbal Haider : Sir, normally statements come when the issue is discussed.

Mr. Chairman : ابھی Adjournment Motion آیا ہی نہیں ہے

We have not come to an Adjournment Motion.

Syed Iqbal Haider : میری گزارش اتنی ہے۔
That the policy statement is always made by the Minister when the issue is debated in the House.

Mr. Chairman : No, No.

Syed Iqbal Haider : They can only make a policy statement on a issue which has not been discussed.

جناب چیئرمین: رول ۲۳۸ پڑھ لیں۔

Syed Iqbal Haider : On what rule are they making policy statement.

Mr. Chairman : Please read 238. A statement may be made by a Minister on a matter of public importance with the consent of the Chairman but no question shall be asked, nor discussion take place thereon at the time of statement made.

Syed Iqbal Haider : Sir, rule 238 says.

Mr. Chairman : Rule 238. I read. A statement may be made by a Minister on a matter of public importance with the consent of the Chairman. And this is a matter of public importance.

آپ بھی کہتے ہیں معاملہ اہم ہے میں بھی کہتا ہوں اہم ہے

Syed Iqbal Haider : With the permission of the Chair, Sir. And in the same manner, an Adjournment Motion can also be moved by member with the permission of the Chair.

Mr. Chairman : When I come to your Adjournment Motion, I will examine your request.

Syed Iqbal Haider : Sir, with the permission of the Chair, I can move my Adjournment Motion.

Mr. Chairman : When I come to Adjournment Motion, Iqbal Haider Sahib I will look into your request

کہ کر سکتا ہوں کہ نہیں ابھی تو بیٹھیں ابھی ان کو statement دینے دیں۔

Syed Iqbal Haider : Sir, allow us to speak.

Mr. Chairman : Let me see first the statement then we will see whether I should allow you or not and under what rule. Please let me run the House according to the rules.

Syed Abdullah Shah : Point of order.

جناب چیئرمین : آپ کا کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

Syed Abdullah Shah : I will refer it to the same rule 238. Before the Minister sought your permission, you called him to make a statement.

Mr. Chairman : Before.

Syed Abdullah Shah : Before the Minister arose in his seat and requested for your permission to make a statement, you called him.

Mr. Chairman : Because I was informed, he wanted to make a policy statement. You know a group of journalists came to

me today. They had certain grievances so I was anxious that the Minister should make the statement so what is wrong with it ? From the point of view of the journalists, a group came to see me, they were so concerned about it and I am also concerned, I am sure you are concerned.

Yes Minister for Information.

میاں عبدالستار لالیکا: جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ یہ افسوس ناک بات ہے کہ چند دن پہلے بھی اسلام آباد کی پولیس کی طرف سے ایسا ہی واقعہ ہوا تھا اور اس کے بعد پھر انیس تاریخ کو اسلام آباد کے جرنلسٹ عظیم صدیقی اور ایک خاتون جرنلسٹ مریانہ بابر کے ساتھ اسلام آباد پولیس کا رویہ جو تھا وہ اچھا نہیں تھا۔ مجھے جب اس واقعے کی اطلاع ملی تو میں نے فوری طور پر جو خاتون جرنلسٹ ہیں ان سے رابطہ کیا اور میں نے اس سارے واقعہ کی مذمت کی۔ اس کے بعد میں نے متعلقہ حکام سے رابطہ کیا اور میں نے اس بات پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور ان کو میں نے یہ پرزور ہدایت کی کہ جو بھی لوگ اس چیز کے ذمہ دار ہیں ان کے خلاف بلا تفریق ان کے عہدے کے، ان کے منصب کے ایکشن لیا جائے۔ کیونکہ یہ اسلام آباد کی انتظامیہ کی طرف سے تیسرا چوتھا واقعہ ہے جو ہم ایک جمہوری حکومت ہونے کے ناطے سے صحافیوں کا پورا احترام کرتے ہیں۔ ان کی پوری عزت کرتے ہیں۔ اور جہاں بھی ایسے واقعات ہوں گے ہماری تمام تر ہمدردیاں اپنے صحافی بھائیوں کے ساتھ ہوں گی۔ میں اس فلور آف دی ہاؤس پر جو کچھ ہوا ہے اس پر اپنے صحافی بھائیوں سے معذرت بھی کرتا ہوں اور ان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ان کے اس موقف میں، میں ان کے ساتھ ہوں گا۔ ابتدائی طور پر جو مجھے بتایا گیا ہے کہ غنی جعفر کے واقعہ میں ایک پولیس آفیسر کو معطل کر دیا گیا ہے اور جو ۱۹ تاریخ کا واقعہ ہے اس میں دو آفسر ہیں They have already been placed under suspension and enquiry is being conducted.

اور اس کے بعد جو بھی اس کے ذمہ دار ہوں گے میں اس بات کی تسلی کروں گا کہ ان کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ بڑی مہربانی۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔

Syed Iqbal Haider : Very relevant and pertinent question, which are the officers who have been suspended, which is the forum of enquiry, is it by High Court Judge, Supreme Court Judge or by an ordinary SDM or Section Officer ?

Mr. Chairman : This is no point.

Syed Iqbal Haider : No Sir, it is a very relevant point that we must know........

(Interruption)

I am saying Sir, about the statement of the honourable Minister, he said that he has suspended two Police Officers. Would be kind enough to disclose names of those Police Officers ?

Mr. Chairman : Do you want to make it a Question Hour ?

Syed Iqbal Haider : No Sir it is not a question. It is very relevant thing.

(Interruption)

This is an Information missing.....

Mr. Chairman : I know it is very good, very relevant but you can't ask it.

Syed Iqbal Haider : And who is conducting enquiry Sir ? Why can't if there is nothing inhibiting the Minister, then why can't he volunteer this information, with your permission it can be done.

Mr. Chairman : No, no thank you very much I think.....

Syed Iqbal Haider : Then otherwise I do not accept this statement. It is to mislead this House. It is to cause further injuries to the grievances and it is not a satisfactory action either. I do not think that the Journalist community would feel satisfied with it, nor we are satisfied with it. This is hood winking of the members in the House.

Mr. Chairman : Now I would like to add my voice to the statement of the honourable Minister, as I keep repeatedly saying that we cannot conceive of the functioning of Parliament without the support of the honourable Journalists, they have a difficult mission to perform and I do hope that the Minister will take appropriate action and all those who are responsible for these will be taken to task. I hope stern action will be taken. Thank you very much. Now there was a statement to be made by Ch. Shujaat Hussain on the Adjournment Motion regarding the arrest of.......

(Interruption)

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : رخصت کی درخواستیں ہیں ۔ سیف اللہ خان صاحب ملک سے باہر تشریف لے گئے ہیں ۔ ۲۲ نومبر تا ۷ دسمبر ۔ حسن اے شیخ صاحب کی طرف سے ایک درخواست موصول ہوئی ہے کہ He has requested for grant of leave for the entire session on ground of illness. منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : یہ اطلاع آئی ہے جنرل مجید ملک صاحب سے کہ وہ مصروفیات کی بناء پر ۲۲ تا ۲۴ نومبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے ۔ اور انور سیف اللہ خان صاحب ملک سے باہر تشریف لے گئے ہیں اس لئے مورخہ ۲۲ نومبر تا ۷ دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے ۔ چوہدری شجاعت حسین صاحب ۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ! اس دن بحث شروع ہوئی تھی تو اس کے بعد اذان ہو گئی ۔

جناب چیئرمین : ایک منٹ جی ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے راجہ افضل خان صاحب کا ۔

But the point of order should not be used to interrupt the Speaker.

راجہ محمد افضل خان : جناب میں یہ کوشش کر ہی نہیں سکتا ۔ مجھے صرف یہ گزارش کرنی تھی کہ جمعرات کے دن جناب اس ایوان کو پریذائیڈ نہیں کر رہے تھے ۔ پچھلے اتوار

والے دن میں نے ایک تحریک استحقاق اس ایوان میں جناب کی اجازت سے پیش کی اور اس پر ابھی کچھ دوستوں admissibility پر بات کی تھی کوئی پندرہ کے قریب نام آپ کے پاس موجود تھے۔

جناب چیئرمین : پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے؟

راجہ محمد افضل خان : میں جناب عرض کرتا ہوں۔ جناب میں کوئی تقریر نہیں کر رہا۔ پوائنٹ آف آرڈر میرا اس میں یہ بنتا ہے کہ جمعرات کے دن جو موشن jointly چار پانچ دوستوں کی طرف سے آئے ہیں۔ میرا موشن تھا میں جو exercise کر رہا تھا وہ یہ کہ It is an attempt of Hightreason.

جناب چیئرمین : وہ جو آپ کا Privilege Motion پہلا چل رہا ہے۔ ٹھیک ہے اس پر آئیں گے تو بات کریں گے۔

راجہ محمد افضل خان : جناب والا! میں تھوڑی سی گزارش اسی پر نہیں کرنا چاہ رہا۔ میں یہ گزارش کرنا چاہ رہا ہوں کہ جو موشن۔

(اذان مغرب)

Mr. Chairman : The house is adjourned to meet again at 5.25 p.m.

(The House adjourned for prayers).

———

(The House re-assembled after interval with Mr. Wasim Sajjad in the Chair).

جناب چیئرمین : آپ کا مسئلہ کیا ہے۔

راجہ محمد افضل خان : جناب میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں نے ۱۸ تاریخ سے اپنا Privilege Motion دیا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے وہ آپ نے دیا ہوا ہے اس پر بحث جاری ہو گئی۔

راجہ محمد افضل خان : جی۔

جناب چیئرمین : پھر کیا مسئلہ ہو گیا۔

راجہ محمد افضل خان : جناب بات یہ ہے کہ جن آرٹیکل پر میں نے اس دن گزارش کی تھی اس میں چھ کا دو جو ہے جیسے آپ جانتے ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ تو گیا ہے نا۔

Raja Muhammad Afzal Khan: Adding or abetting.

جناب چیئرمین : وہ treason بنتا ہے ، لیکن what is the point of order.

راجہ محمد افضل خان : جناب میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اس Motion کے جتنے Movers ہیں جس کی in admissibility پر ابھی چوہدری شجاعت صاحب بات کریں گے ، میری Motion میں یہ اس زمرے میں آتے ہیں ۔ abetment بھی بنتی ہے ، addition بھی بنتی ہے۔

جناب چیئرمین : چوہدری صاحب ، بات کر رہے ہیں۔

راجہ محمد افضل خان : سر ، میں گزارش کر رہا ہوں اگر یہ پہلے wind up ہو جاتا ہے اس پر جناب کی رولنگ آتی ہے ۔ اگر آپ اس کو admit کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین : آپ کا Privilege Motion ہے لانگ مارچ کے سلسلے میں۔

راجہ محمد افضل خان : میں عرض کرتا ہوں کہ جتنے Movers ہیں انہوں نے اس میں abetment کی ہے اور adding بھی کی ہے۔

جناب چیئرمین : Movers تو صرف دو ہیں ، آپ ہیں اور حافظ حسین احمد صاحب ہیں صرف دو Movers ہیں۔

راجہ محمد افضل خان : جو اس Motion کے Movers ہیں ، میں ان کے بارے میں بات کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین : جو اس Motion کے movers ہیں انہوں نے کہا ہے کہ اقبال حیدر صاحب ، عبداللہ شاہ صاحب اور جتوائی صاحب کو حراست میں رکھا گیا تھا ۔ ان کی تحریکیں اس بارے میں ہیں۔

راجہ محمد افضل خان : تو اگر یہ action جو ہے unlawful ہے ، supposing میرا موشن pending ہو گیا ہے ، لیٹ ہو گیا ہے ، آپ اسے بھی ایڈمٹ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین : let us see ابھی کوئی ruling نہیں آئی ہے۔

راجہ محمد افضل خان : میں جناب ruling صرف اس پر چاہوں گا کہ اگر آپ اس کو بھی admit کر لیتے ہیں اور بعد میں میرے والے کو بھی admit کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین : یہ دونوں علیحدہ علیحدہ ہیں ان کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے۔

راجہ محمد افضل خان : یہ تو co-related ہیں ، علیحدہ تو نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین : نہیں they are totally different

راجہ محمد افضل خان : سر ، یہ اسی action کے تحت ہیں۔

جناب چیئرمین : action بے شک وہی ہو لیکن اس کی ایک علیحدہ reasoning ہے ، اس کا اس سے کوئی تعلق ہے۔

راجہ محمد افضل خان : ساری کارروائی اسی سے متعلقہ ہے۔

جناب چیئرمین : اچھا ٹھیک ہے میں اس کا خیال رکھوں گا۔

راجہ محمد افضل خان : تو مہربانی کر کے اس کا خیال رکھیں۔

جناب چیئرمین : جی ، چوہدری شجاعت حسین صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ، میں اس دن بات کرنے لگا تھا تو اذان کا وقت ہو گیا تھا۔

سید اقبال حیدر : اللہ تعالیٰ آپ کو بار بار روک رہا ہے ، غلط بیانی نہ کریں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب والا ، میں عرض کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : Please بہرہ ور سعید صاحب آپ کیوں provoke ہوتے ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ، سب سے پہلے تو میں ان سوالات کے جوابات کے لئے دو منٹ لوں گا جو اس دن معزز اراکین نے اٹھائے تھے تاکہ یہ ریکارڈ

میں آجائیں ۔ اس وقت صرف اقبال حیدر صاحب تشریف فرما ہیں ، باقی دو حضرات تشریف نہیں رکھتے ہیں لیکن میں پھر بھی ان کے سوالات کا جواب ضرور دینا چاہوں گا۔

جناب والا، اس دن جس چیز پر اقبال حیدر صاحب نے سب سے زیادہ زور دیا کہ یہ جو آپ نے پابندیاں لگا دی ہیں جہلم سے پنڈی تک ، پنڈی سے لاہور تک ، لاہور سے کراچی تک اور اسی طرح کراچی سے دوسرے شہروں تک یہ غلط ہے اور بات یہاں پر آگر ختم کی کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کا ملک کو توڑنے کا ارادہ ہے آخر میں انہوں نے یہاں پر بات ختم کی ۔ اپنے Motion پر کوئی خاص بات نہیں کی ۔ تو اس پر میں گزارش کرنا چاہتا تھا کہ ملک توڑنے کا جہاں تک تعلق ہے تو جناب والا، جب تک یہ پاکستان قائم ہے اور جب تک ان کی یہ پارٹی قائم ہے ، اس وقت تک مشرقی پاکستان کو توڑنے کا، پاکستان کو توڑنے کا کلنک کا ٹیکہ جو ہے وہ ان کے ماتھے کے اوپر لگ چکا ہے ، وہ لگا رہے گا۔

Syed Abdullah Shah : Question, question.

(مداخلت)

چوہدری شجاعت حسین : وہ دور ہو نہیں سکتا جو مرضی چاہیں کریں۔

جناب یحییٰ بختیار : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین : یحییٰ بختیار صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر ہے ، ان کو پہلے سن لیں ۔

Mr. Yahya Bakhtiar : The tragedy with the Interior Minister is of ignorance of history, what is the Commission of Hamood-ur-Rehman, what does it say, who was responsible for break-up of Pakistan, please read it, they are ignorant.

جناب چیئرمین : تشریف رکھیں جی چوہدری شجاعت صاحب،

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا، یہ تو تاریخ کی بات ہے ساری دنیا جانتی ہے کہ مشرقی پاکستان کس نے توڑا۔ اور یہ لعنت ان کے ماتھے سے کبھی نہیں جا سکتی چاہے جتنی دفعہ چاہیں، نہا نہا کر آئیں۔

<u>جناب چیئرمین</u> : بہرحال جی ، وہ کہتے ہیں کہ یہ توڑ رہے ہیں آپ کہتے ہیں کہ انہوں نے توڑا۔ یہ بحث تو چلتی رہے گی۔

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, I would request you a very high powered Commission consisting of three senior judges held an enquiry, there were thousands of witnesses and they presented a report, please read it publish it and see who is responsible.

<u>چوہدری شجاعت حسین</u> : میں ان کی بات کا جواب دے رہا تھا۔ جو باتیں انہوں نے اس دن کیں۔ میں ان کا جواب دے رہا تھا۔

(Interruption)

<u>چوہدری شجاعت حسین</u> : سب سے پہلے تو ادھر تم اور ادھر ہم کا ہی جواب دے دیں۔

<u>جناب چیئرمین</u> : نہیں چوہدری صاحب پلیز آپ نہ بولیں میں صرف ایک وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

I want to draw the attention of the honourable members of the House to rule 216(7A), "A member shall not raise a point of order—

(a) to ask for information.

(b) to explain his position, and

(c) when any question or any motion is being put to the Senate.

(d) something which may be hypothetical.

(e) when divisions bells did not ring or were not heared, if simply interrupt the speaker or place before the House his own view of a matter when another member holding the floor."

تو مہربانی کر کے جب ایک تقریر ہو رہی ہو تو پوائنٹ آف آرڈر کا اس لئے استعمال نہ کیا جائے کہ مداخلت کرنی ہے یا اپنی بات کہنی ہے۔ جب آپ کی باری آگئی ہے تو بات کر دیں۔

<u>چوہدری شجاعت حسین</u>: اچھا ہوا جی اعجاز جتوئی صاحب آگئے ہیں میں ان ہی کی بات شروع کرنے لگا تھا۔ انہوں نے جناب اپنی تقریر میں Privilege Motion کا بہت کم ذکر کیا زیادہ وقت انہوں نے ضیاء الحق کے دور کا ذکر کیا آمرانہ دور کا اور بات ختم کرتے وقت جام صاحب کا ذکر کیا۔ اس سلسلے میں میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی اور اب دوبارہ بھی کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہ آمرانہ دور تھا تو کیا ضرورت تھی کہ جتوئی صاحب کے چھوٹے بھائی جو ہیں وہ ضیاء الحق کی بنی ہوئی مجلس شوریٰ کے ممبر بنے اس میں قطعاً کوئی شک نہیں ہے کہ وہ ممبر نہیں تھے اور وہ ان کے پورے پیریڈ کے دوران ان کے ممبر رہے اور جام صاحب کے اوپر بھی انہوں نے بڑے الزام لگائے۔ تو جناب والا! جام صاحب کی وزارت میں بھی انہی کے چھوٹے بھائی وزیر رہے اور ابھی بھی خیر وزیر ہیں لیکن اس وقت بھی وہ ان کے وزیر تھے لیکن اس کے باوجود یہاں آکر ان کے خلاف بیان دیں تو یہ صرف بات کو بنانے اور اخبارات میں بیان دینے کے لئے کرتے ہیں۔ یہ ایک علیحدہ چیز ہے میں ان کی بڑی عزت کرتا ہوں لیکن مجبور ہوں کہ یہ چیزیں سامنے لا رہا ہوں۔ حافظ حسین احمد صاحب موجود نہیں، دوبارہ بھی ذکر کروں گا انہوں سارے وقت میں اپنے ہی Privilege Motion کے بارے میں نہ تو وہ جانتے تھے اور نہ ہی انہوں نے اس سلسلے میں بات کی۔ اب میں Privilege Motion کی طرف آؤں گا۔ جناب چیئرمین! یہ لانگ مارچ کی کال کے بعد اسے Move کیا گیا میں یہ کہوں گا کہ یہ بالکل غیر آئینی اور غیر جمہوری قدم تھا اور انہوں نے کھلم کھلا یہ اعلان کیا تھا کہ وہ ایوان صدر، ایوان وزیر اعظم اور ٹیلی ویژن سٹیشن پر قبضہ کریں گے اور اس وقت تک دھرنا مارے بیٹھے رہیں گے جب تک موجودہ حکومت کو ختم نہیں کریں گے۔ جناب یہ ان کے عزائم اور جو دعوے تھے اس کے متعلق میں نے فلور کے اوپر پہلے بھی اخبارات کے تراشے پڑھے، پریس کو بھی دکھائے۔ اور آپ نے بھی پڑھے ہوں گے کہ ہم جلوس لے کر اسلام آباد پر قبضہ کریں گے۔ جناب والا! میں یہ کہوں گا کہ اگر حکومتی اقدام نہ کرتے تو جلوس میں شامل جو دہشت گرد تھے وہ اسلام آباد میں لوٹ مار کا وہ بازار گرم کرتے جس کی مثال نہ

ملتی اور اسی طرح لیاقت باغ میں جو ان کا ارادہ تھا وہ وہی تھا جو ان کے محترم والد صاحب نے لیاقت باغ میں ۷۳ء میں جو تماشہ دکھایا تھا آج بیٹی لیاقت باغ میں وہی دہرانا چاہتی تھی۔ اور ان کی پارٹی کے دوسرے دہشت گرد جوہیں وہ تماشہ اسلام آباد میں دکھاتے۔ جناب والا! میں یہ کہوں گا کہ جہاں Privilege Motion کا تعلق ہے کمیٹی چوک میں دفعہ ۱۴۴ کے باوجود جو لگی ہوئی تھی جناب قانون سب کے لئے یکساں ہے چاہے وہ سینٹر ہو، ایم این اے ہو، وزیر ہو سفیر ہو جو بھی ہو تو اس کے لئے قانون برابر ہے دفعہ ۱۴۴ کے باوجود یہ تمام حضرات ایک جلوس کی شکل میں کمیٹی چوک پہنچے اور وہاں پر لوگوں کو اکسانے کی کوشش کی۔ لیکن اسی دوران ان کے حق میں مزید لوگ جمع ہو گئے اور نعرہ بازی شروع کر دی جبکہ دوسری طرف شریف شہری اور وہاں کے دکاندار جو پیپلز پارٹی کے خلاف تھے انہوں نے بھی احتجاج شروع کر دیا تو خطرہ تھا کہ وہاں پر دونوں گروپوں کے درمیان چپقلش ہو جائے گی تو اس بنا پر نہ تو انہیں گرفتار کیا گیا یہاں پر بار بار کہہ رہے تھے کہ ہمیں گرفتار کیا گیا ہے نہ انہیں گرفتار کیا گیا ہے انہیں صرف وہاں پر protective custoday میں لے کر ریسٹ ہاؤس لے جایا گیا۔

Syed Abdullah Shah : He is making incorrect statement. Sir, the police has informed you that we were taken under protective custody. If I had broken any law why they did not file fined any FIR against me and challan me in a proper court.

جناب چیئرمین: میں خود بھی ان سے یہ پوچھنے والا ہوں۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! ان کے خلاف مقدمہ بن سکتا تھا یہ قطعاً نہیں ہو سکتا کہ مقدمہ نہیں بن سکتا، بن سکتا تھا لیکن موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے یہ کہا جائیگا کہ اس کو زیادہ اچھالا جائیگا وغیرہ وغیرہ ان چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے اوپر کوئی case نہیں بنایا گیا۔

جناب چیئرمین: یہ چیزیں میں لاء منسٹر سے پوچھوں گا ناں۔

چوہدری شجاعت حسین: انہیں وہاں سے حفاظتی حراست میں لے کر ریسٹ

ہاؤس میں رکھا گیا۔ وہاں پر ان کی بڑی خاطر تواضع کی گئی چائے پانی دودھ ہر چیز انہیں وہاں پر مہیا کی گئی لیکن اس کے باوجود انہوں نے یہ motion move کیا اور آخر میں جناب والا! یہ کہوں گا۔ یہ تمام کا تمام ڈرامہ محض اس لئے تھا کہ انہیں دو چار لاشیں مل جائیں ۔ کیونکہ اتنا بڑا پروگرام جو انہوں نے بنا رکھا تھا اس میں کبھی یہ نہیں ہو سکتا تھا کہ سارے ملک میں کسی نہ کسی جگہ کے اوپر کوئی واقعہ پیش نہ آجاتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے کہ کسی جگہ کے اوپر بھی ۱۸ تاریخ کو کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ میں یہ کہوں گا کہ ہماری حکومت کی اولین ذمہ داری تھی کہ لوگوں کی جان و مال کا حفاظت کریں۔ اور یہ وعدہ ہم نے قوم سے کر رکھا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی، یہ بھی کی گئی ہے لانگ مارچ کے نام پر، اس کو کبھی بھی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اور آئندہ بھی میں فلور آف دی ہاؤس پر کہنا چاہونگا کہ امن کے ساتھ کوئی بھی پارٹی جو اس ملک کی ہو وہ جلسہ کرے، جلوس نکالے جو چاہے کرے لیکن اگر انہوں نے قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کی، اگر انہوں نے دہشت گردی کرنے کی کوشش کی تو اس سے بھی زیادہ قانونی طور پر جو بھی حکومت اقدام اٹھا سکتی ہے اٹھائے گی۔ تو میں انہی الفاظ کے ساتھ ان سے یہی گزارش کرونگا کہ انہوں نے اسے خواہ مخواہ طول دینے کی کوشش کی تو اچھی بات ہے کہ یہ اپنا Privilege Motion واپس لے لیں تو زیادہ مناسب رہے گا جہاں تک قانونی نکات کا تعلق ہے تو لاء منسٹر صاحب سے پوچھ لیں۔ شکریہ۔

<u>جناب چیئرمین:</u> جی جناب لاء منسٹر صاحب۔

Syed Iqbal Haider : Point of personal explanation because the honourable Minister has made certain direct assertions or rather baseless allegations in respect of me. May I just emphasize that in my Privilege Motion, I did emphasize on the violations of the rights of the people. That when peoples rights are not respected I feel embarrassed to talk about my privileges. That when journalists rights are not being respected then how can I talk about my privileges. That when peoples' rights under the Constitutions Article No. 17, No. 15 and No. 16 including then right of assembly, right

of expression are not respected........

Mr. Chairman : Do I understand you correctly, legally your position is...........

نمبر ا ۔ اطلاع نہیں دی گئی۔

Syed Iqbal Haider : No, sir. More than that. Sir, my contention was this is a barbed wire democracy hopping and jumping on one leg. This is a shame of democracy.

Mr. Chairman : But on the legal plane your argument was.........

Syed Iqbal Haider : This is a violation of the Constitution. On the legal plane I was definitely arrested without any dispute.

Mr. Chairman : And you were saying that under the rules they should have informed the Chairman.

Syed Iqbal Haider : First.

Mr. Chairman : They did not do.

Syed Iqbal Haider : First.

<u>جناب چیئرمین :</u> First وہ کہاں ہے First والی بات کدھر ہے۔

Syed Iqbal Haider : Otherwise the whole provision is irrelevant.

Mr. Chairman : That is your argument.

Syed Iqbal Haider : That is read in it.

Mr. Chairman : What you are saying is that before arresting they should inform.

Syed Iqbal Haider : Before arresting, they should inform the Chairman and take him into confidence.

Mr. Chairman : Supposing they have no intention to arrest and the violation takes place half an hour later.

تو پھر وہ کیسے پہلے inform کریں گے violation تو ہوئی نہیں کوئی۔ اگر یہ ہوگی تو وہ کچھ کریں گے۔

سید اقبال حیدر : جناب گزارش یہ ہے کہ جب سانپ گزر جائے تو پھر لکیر پر لاٹھی مارنے سے کیا فائدہ۔ جب گرفتاری ہو جائے۔۔۔۔ تو اطلاع اسی وقت کریں۔

جناب چیئرمین : نہیں مجھے بتائیں ناں وہ کیسے کریں نہیں مجھے بتائیں ناں اگر کوئی شخص جرم کرتا ہے تو جب جرم ہوگا تو پکڑیں گے ناں۔ پہلے کیسے بتائیں گے جی ہم نے پکڑ لیا۔

سید اقبال حیدر : انہوں نے تو پہلے سے ہی گرفتاریاں شروع کر رکھی ہیں۔

جناب چیئرمین : نہیں آپ سے میں سنیٹرز کی بات کر رہا ہوں ناں میں generally بات نہیں کر رہا۔

Supposing that in this case they did not register the case that is another question which we will ask them but supposing their case was that we arrested them for violation of 144.

تو violation ہوگی تو پکڑیں گے ناں پہلے کیسے پکڑیں۔

جناب چیئرمین : یحییٰ بختیار صاحب۔

جناب یحییٰ بختیار :

I will respectfully say that this is explained in one famous couplet :

مگس کو باغ میں جانے نہ دینا
کہ ناحق خون پروانے کا ہوگا

That is what they mean. *Do not let it go so far :*

جناب چیئرمین : وہ آپ کا argument ہے کہ پہلے ہونا چاہیے۔ اور legally

Syed Iqbal Haider : I did not violate.........

جناب چیئرمین : وہ تو علیحدہ بات ہے ناں - آپ یہ بتائیں کہ
Your argument is that (1) before you were arrested or taken into protective custody the Chairman should have been informed.

Syed Iqbal Haider : And second it was totally a malafide, اور اس کے علاوہ premeditated action on the part of the Government because admittedly, I had parked on the Murree Road and we were just......

جناب چیئرمین : میری عرض تو سن لیں ناں - دیکھیں ناں facts کی بات یہ ہو گی - وہ تو investigation ہوگی تو پتہ چلے گا ناں - لیکن لاء کی بات clear ہو جائے کہ
What is your legal position. so legal position is as you have said that according to you, the authority should have informed the Chairman Senate before your arrest. That is your point. تو لاء منسٹر سے پوچھتے ہیں

Syed Iqbal Haider : That it should not have been a malafide exercise of power. No. (3). When Chairman was informed, they should have informed the Chairman about the exact charges on which I was being arrested. No such charges have been produced.

جناب چیئرمین : تو انہوں نے نہیں لگائے ہیں -

Syed Iqbal Haider : No Sir, one more thing, they admit that it was a protective custody. There is no provision in the law to allow the Government to arrest us under the pretext of protective custody. Therefore, my detention was admittedly illegal and since the session is continuing, anything illegal committed against the member of legislature then it is the violation of the privilege.

جناب چیئرمین : legally آپ کا ہے ناں factually تو ہو گئی آپ کی جتوئی صاحب بات تو ختم کرنے دیں ناں - آپ کا نام تو انہوں نے اسی جواب میں دیا ہے جو آپ نے تقریر کی تھی - نئی بات کیا ہوئی - جی Personal explanation -

جناب اعجاز علی جتوئی : ہر دفعہ جو چوہدری صاحب جواب دیتے ہیں تو ان کو میرا بھائی یاد آتا ہے - یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ چھوٹا ہے یا بڑا ہے - یہ ان کو پتہ ہونا چاہیئے -

چوہدری صاحب جب اس ملک کے صوبیدار ہوں گے تو خدا خیر ہی اس ملک کی کرے گا۔ لیکن بات یہ ہے کہ ضیاء الحق کی ٹیم، ایماندارانہ، آپ جج بن کر فیصلہ کریں تو ساری اس طرف بیٹھی ہوئی ہے۔ پوری ٹیم، آپ مجھے بتائیں، دیکھیں سارے چہرے نظر آئیں گے۔

چوہدری شجاعت حسین: ماسوائے آپ کے بھائی کے۔

جناب اعجاز علی جتوئی: جناب بھائی کی آڑ لے کے تین مرتبہ یہاں اسی فلور پر انہوں نے بات کی ہے جناب چیئرمین آپ کو یاد ہو گا میرے خلاف جب بھی آئے ہیں بھائی کی آڑ لے کر آتے ہیں۔ جب کہ کیا یہ بھی کہہ سکتے ہیں ان کے والد صاحب کے اوپر جو کیس تھا وہ سچا تھا یا جھوٹا تھا۔ کیا یہ اپنے والد کے لئے کہہ سکتے ہیں کہ وہ کیسے تھے۔ پھر دوسری چیز یہ ہے کہ جناب چیئرمین کیا انہوں نے یہ بھی کہا کہ میں نے کوئی شوگر مل لی ہے یا کوئی ٹیکسٹائل مل لی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں ایسا کوئی نہیں ہے۔

جناب اعجاز علی جتوئی: اس کا مطلب یہ ہے کہ گورنمنٹ کے پاس کوئی پروف نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: سوائے اس کے کہ آپ کا بھائی وزیر ہے۔

جناب اعجاز علی جتوئی: سوائے اس کے میرا بھائی ان کے ساتھ ہے۔ یہ آن ریکارڈ بات رکھی جائے کیونکہ میں نے یہ نہیں کہا کہ چوہدری ٹیکسٹائل مل کس کی ہے، شوگر مل کس کی ہے۔ اتفاق فاؤنڈری کس کی ہے۔ میں نے یہ نہیں کہا ہے۔ ان کے خلاف تو proof ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کے خلاف جو بات ہے آپ نے اس کا جواب دے دیا ہے۔

جناب اعجاز علی جتوئی: ہم تو proof لا رہے ہیں جناب چیئرمین! اس کا جواب دیں کہ ہاں یہ disown کریں گے کہ چوہدری ٹیکسٹائل ہماری نہیں ہے، شوگر مل ہماری نہیں ہے۔

سید عبداللہ شاہ: جناب بات بتائی گئی تھی کہ جب یہ اطلاع کرنا ہے۔
If you kindly see the second schedule of the rules (ii) proforma for informing the Chairman about the arrest of a member. And this proforma is made under rule 68 and 69. This is page 98 of the Rules of Procedure. So that mentions under what law we are detained. Nothing of that sort has been done. They say we were taken in protective custody. My privilege has been breached because Senate was in Session. It is my right and my duty to come and attend this House and I informed the officers that I was going to Islamabad to attend the Session.

Mr. Chairman : But do you concede that they could have arrested you. Do you concede that point. Supposing somebody, let us say supposing somebody was violating a law, a Senator could be arrested.

Syed Abdullah Shah : Sir, point is, my request is, this is only a hypothetical.

(Interruption)

جناب چیئرمین: آپ اپنے آپ کو بیچ میں سے نکال دیں۔
Supposing a Senator violates a law, can be arrested during the Session.

Syed Abdullah Shah : Yes, I think, why not.

جناب چیئرمین: جی لاء منسٹر صاحب! آپ یہ بتائیں کہ Protective custody جو یہ کہہ رہے ہیں، ایک تو یہ کہہ رہے ہیں کہ چیئرمین کو پہلے انفارم کرنا چاہئے تھا اور نمبر دو یہ کہہ رہے ہیں کہ Protective custody کیا ہوتی ہے۔ اس پر ذرا روشنی ڈالیں۔

چوہدری امیر حسین: جناب چیئرمین شکریہ، میں گزارش کرتا ہوں کہ پہلے میں یہ گزارش کروں گا جو پوائنٹ raise کیا گیا کہ پہلے اطلاع دینی چاہئے اور اس کے بعد اگر گرفتار کرنا ہے تو کریں۔ یہ رول ۶۸ میں پڑھتا ہوں۔

"When a member is arrested". It means after the arrest. "When a member is arrested on a criminal charge or for a

criminal offence or is sentenced to imprisonment by a court or is detained under an executive order, the committing judge, magistrate or, as the case may be, executive authority shall immediately intimate such fact to the Chairman indicating the reasons for the arrest, detention or imprisonment of the member in the appropriate form set out in the Second Schedule."

پہلا تو یہ ہے کہ گرفتاری کے بعد اطلاع دے دی۔ یہ بات clear ہو گئی۔ اگر ان کی agrument کو درست تسلیم کیا جائے تو اگر کسی عدالت نے سزا دینی ہو تو وہ عدالت پہلے اطلاع کرے کہ میں اس کو سزا دے رہی ہوں۔ میں تو اس پوائنٹ کو نہیں سمجھ سکا اور خاص طور پر ایک Leading lawyer جو کہ کراچی سے میرے دوست ہیں، ان کی بات کو میں نہیں سمجھ سکا۔ ایک تو یہ بات ہو گئی .I am very clear in my mind کہ after the arrest اطلاع دینی ہے۔ نمبر دو کا کیا کسی criminal charge کے تحت بغیر کسی offence کے بھی گرفتار کیا جاسکتا ہے یا کہ نہیں جس میں protective custody بھی آتا ہے۔ اسی میں جناب والا! لکھا ہے

Or is detained under an executive authority, by an executive authority. یعنی Executive order by an executive authority.

یعنی کوئی جرم بھی نہ commit کیا ہو، اور offence بھی کوئی نہ بنتا ہو Executive order اس کے تحت ایگزیکٹو اتھارٹی لیتی ہے As the case may be یعنی اگر arrest کرنا ہو criminal charge میں، کسی criminal offence میں sentence کسی عدالت نے دینا ہو یا ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے custoday میں دینا ہو تو پھر ایگزیکٹو اتھارٹی کورٹ یا مجسٹریٹ اطلاع دے۔ یہ اس لئے رکھا گیا ہے کہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جرم کوئی نہیں بنتا۔ مثال کے طور پر ایک آدمی چھلانگ لگانا چاہتا ہے کنویں میں، آگ جل رہی ہے اس میں چھلانگ لگانا چاہتا ہے اور اس ایکٹ کی بنا پر وہ اپنے آپ کو نقصان پہنچا سکتا ہے یا کسی دوسرے آدمی کو نقصان پہنچا سکتا ہے تو اس کو protective custoday میں لیا جاسکتا ہے۔ میں legal ڈکشنری سے quote کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: ہاں یہ protective custody کیا چیز ہے- یہ مجھے سمجھ نہیں آتی-

چوہدری امیر حسین: میں صرف یہ کہتا ہوں کہ میرے دوستوں نے بہت بحث کی ہم نے سنی- میں بڑے ادب کے ساتھ جناب کے ذریعے کہتا ہوں - میں کوئی irrelevant بات نہیں کروں گا بالکل relevant بات کروں گا- میں جو پوائنٹ عرض کر رہا ہوں کہ اگر کوئی بھی جرم نہ بنتا ہو یا کسی offence میں بھی گرفتار نہ کیا گیا ہو تو ایگزیکٹو اتھارٹی سے ایگویکٹو آرڈر جاری کیا جا سکتا ہے- اور اس شخص کو protective custody میں لیا جاسکتا ہے- شرط کیا ہے کہ اس آدمی سے یہ خطرہ ہو کہ یا وہ خود اپنے آپ کو نقصان پہنچالے گا یا کسی دوسرے کو نقصان پہنچائے گا- تو یہ ہے black dictionary جناب والا ! اس کا صفحہ ۱۲۲۲ ہے- اس میں protective custoday کو define کیا ہے- اس میں ہے کہ may harm himself of others اس کا sequence کچھ اور ہے-

جناب چیئرمین: پوری definition کیا ہے-

چوہدری امیر حسین: میں پڑھتا ہوں جی-

The condition of one who is held under authority of law for his own protection as in the case of a material witness whose safety, is in jeopardy or who is drunk in public though public drunkenness may not be a criminal offence, or a person who because of his mental illness or drug edition may harm himself or others.

یعنی یہ ایک مثال دی گئی ہے کہ کسی ملک میں اگر شراب پینا جرم نہ ہو تو اگر وہ ڈرنک کرتا ہو آدمی تو اس کو protective custody میں لیا جاسکتا ہے-

چوہدری امیر حسین: تو اگر کسی آدمی نے ڈرنک کیا ہو تو اسے protective custody میں لیا جاسکتا ہے addiction کسی مین جرم نہ ہو تو اسے custody میں لیا جا سکتا ہے Condition precedent is that there is a possibility and one seems that this person may harm himself or to other, چنانچہ جب اس قسم کے

حالات پیدا ہو جائیں - جناب والا! اس میں جیسا کہ ہمارے وزیر داخلہ نے فرمایا کہ فاضل دوست وہاں گئے وہ ایک چھوٹے سے چالیس پچاس آدمیوں کے گروپ کو address کرنا چاہتے تھے - اور وہاں slogan ہو رہے تھے دوسری طرف سے کچھ دوسری پارٹی کے کارکن کچھ مسلم لیگی، انہوں نہ بھی سلوگن شروع کر دئیے - اور اس بات کا خطرہ تھا-

سید اقبال حیدر: Question

چوہدری امیر حسین: جناب میں آپ سے گزارش کر سکتا ہوں -

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے فرمائیں آپ -

چوہدری امیر حسین: تو اس وقت خطرہ تھا کہ خانہ جنگی نہ ہو جائے لڑائی نہ ہو جائے اور ایک دوسرے کو نقصان نہ پہنچے - ان سے کسی کو نقصان نہ پہنچے - یا ان سے کسی کو نقصان نہ پہنچے - اس بناء پر قبضے میں لیا گیا - جناب والا! میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ

This is called protective custody.

جناب چیئرمین: ہمارے قانون کا کوئی حوالہ دے سکیں گے ؟

چوہدری امیر حسین: جناب میں کہتا ہوں کہ قانون کوئی بھی نہ ہو - میں کہتا ہوں کہ جب کسی کو arrest کیا جاتا ہے تو قانون کے تحت کیا جاتا ہے میں مثال دیتا ہوں کہ اگر ایک آدمی کنویں میں چھلانگ لگانا چاہتا ہے - پولیس والا اسے منع کرتا ہے اسے پکڑ لیتا ہے گرفت میں لے لیتا ہے کہ میں آپ کو چھلانگ نہیں لگانے دیتا اور ایک گھنٹے کے بعد کہتا ہے کہا اب آپ ٹھیک ہو گئے ہیں جائیں - تو وہ کہے گا مجھے حراست میں رکھا گیا ؟ جناب والا ! ہم سینیٹر صاحبان کو حراست میں نہیں رکھ سکتے - جناب والا! اگر ۱۴۴ لگی ہو اور ۱۴۴ کی خلاف ورزی کی جائے - اور آرٹیکل ۱۵ سے لے کر ۱۹ تک کا بہت حوالہ دیا گیا میں اس طرف بھی آوں گا -

جناب چیئرمین: وہ تو آپ نے کیس بھی رجسٹر نہیں کیا -

چوہدری امیر حسین: میں جناب والا! گزارش کرتا ہوں - یہ احترام ہے سینیٹرز کا یہ مقدس ممبران کا احترام ہے - اور میں جناب والا ! گزارش کرتا ہوں کہ ہم نے ان کا

احترام کیا اور ان کو حفاظتی طور پر رکھا گیا۔ ان کو حفاظتی طور پر وہاں سے نکالا گیا اور بعد میں کسی کو نہیں روکا گیا اور چھوڑ دیا گیا۔ چنانچہ یہ جناب سے جو فرمایا تھا کہ ان کو کیسے آپ نے حفاظت میں لیا۔ یہ وہ ہے جو میں گزارش کرتا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : جی یحییٰ بختیار صاحب۔

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir I just want to point out that you have heard the Honourable Minister very carefully. He has quoted from Black Dictionary but dictionary has not mistaken to mention law to be treated in accordance with the law and only in accordance with law. It is against the right of every citizen of Pakistan. Which is the law you have asked him again and again but he did not give any reply. Is he killing himself as I said but some people are killing each other. The People Party and Sir Muslim League were not put in protective custody. Sir we heard this term for the first time in the Martial Law and Mr. Bhutto was taken over to Murree, they say he is in protective custody. It is the rule of law, the Constitution is to be treated in accordance with the law........

چوہدری امیر حسین : جناب والا! یہ پہلی دفعہ نہیں سنا گیا۔

سید اقبال حیدر : ایک اور سوال ہے جناب۔ میرے وزیر صاحب نے کہا کہ وہ مسلم لیگ اور ہمارے کارکنوں۔ ہماری جان کو خطرہ تھا تو ہمیں پکڑا۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کتنے مسلم لیگرز کو بھی آپ نے گرفتار کیا؟

جناب چیئرمین : دیکھئے ناواقعاتی بات جو ہے وہ تو investigation کے بعد پتہ چلی نا۔ I am more interested in the legal part دیکھئے نا اس پر آپ فکر نہ کریں۔ اس لئے Because obviously I can't decide sitting here, that مسلم لیگرز تھے یا وہ تھے۔

(*Interruption*)

Assuming that you were taken into custody.

جو آپ نے Point raise کیا ہے کہ پہلے مجھے مطلع کرنا چاہئیے تھا۔ اگر نہیں کیا تو کیا پوزیشن ہے۔ اگر بعد میں کیا ہے تو کیا پوزیشن ہے۔ That is a question that you have raised.

(*Interruptions*)

Because obviously I am in no position to say anything and decide frankly کہ آپ کی version صحیح ہے یا ان کی صحیح ہے

سید اقبال حیدر: ایک اور بات انہوں نے کہی ہے کہ ہم نے احتراماً ان کے خلاف کیس رجسٹر کیس رجسٹر نہیں کیا۔ میرا صرف اتنا کہنا ہے کہ جب ان کے احترام میں ہو اتنی پابندی تو ان کا ظالم عتاب کیا ہو گا۔

جناب چیئرمین : جی جناب چوہدری صاحب۔

چوہدری امیر حسین: میں جناب سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : پہلے ان کو ختم کر لینے دیں تاکہ ان کی بات سامنے آجائے نا۔

چوہدری امیر حسین: اب جناب یہ بھی سوال پیدا ہو سکتا ہے۔ یہاں ہے کہ اگر arrest کیا جائے تو پھر اطلاع دینا ہوتی ہے After the arrest

جناب چیئرمین : اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آدمی کو دو دن رکھ لیا جائے without arrest تو پھر ٹھیک ہے؟

چوہدری امیر حسین: نہیں جناب میں اسی پوائنٹ پر آرہا ہوں۔ اب سوال یہ ہے اگر باضابطہ طور پر ایک آدمی کو کسی قانون کے تحت گرفتار نہیں کیا جاتا اور اسے protective custody میں حفاظت میں رکھا جاتا ہے اور یہ protective custody کا لفظ پہلی دفعہ نہیں آیا۔ یہ پہلے بھی آیا ہے اور پارلیمنٹ کے اندر یہ point raise ہوا۔ اور اس کی privilege motion move ہوئی اس میں یہ موقف اختیار کیا گیا۔ اب جناب والا! کوئی بھی جرم نہ ہو۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر گرفتار ہی نہیں کیا گیا تو پھر اطلاع کیوں دی گئی؟ جس سے وہ کہتے ہیں کہ ان کی بات میں تضاد ہے یہ point raise کر سکتے ہیں جو ان کو کرنا چاہئیے تھا اور نہیں کیا۔ اب جناب گزارش یہ ہے کہ اگر صرف arrest کی

ہو ناکہ arrest ہو تو پھر اطلاع دینی ہے ۔ اور arrest کے بغیر ۔ کہ کوئی اگر قانون میں گرفتار نہ کیا گیا تو پھر اطلاع کی جہاں تک پوزیشن ہے میں اب جو پوائنٹ عرض کروں گا اس سے یہ ہے اس سے میری بات کو تقویت ملے گی کہ بغیر کسی قانون کے بھی حفاظت میں رکھا جا سکتا ہے اور custody میں رکھا جا سکتا ہے ۔ میں quote کروں گا Kohl کو۔

جناب چیئرمین: ان کا قانون بھی ہمارے سے ملتا جلتا ہے۔

چوہدری امیر حسین : ۲۰۴ When a member is arrested on a criminal charge or for a criminal offence or is sentenced to imprisonment. وہی ہے جو ہمارا ہے Imprisonment by a court or is detained under an Executive order, the committing judge magistrate or executive authority as the case may be must immediately intimate such acts to the Speaker indicating the reason for the arrest or detention for conviction.

یہ وہی ہے ہمارے والا ۔ آگے شاید پڑھنا ضروری نہیں ہے ۔ اگر کہیں تو میں پڑھ دیتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : اگر relevant ہے تو پڑھ دیجئیے۔

چوہدری امیر حسین : citations ہے وہاں جی ۔ وہ cases کے حوالے دئیے گئے ہیں کہ فلاں کیس فلاں کیس فلاں کیس When a member is arrested or detained under the maintenance of internal security act 1971 or under any other law providing for preventive detention, the authority should decide sending to the Speaker immediately information regarding the arrest and detention of the member together with the reasons for arrest and detention, send a copy of the detailed ground to the Speaker Loksabah, simultaneously when those grounds are applied to detenue as per law for preventive detention. When a member is arrested and after conviction released on bail pending an appeal or is otherwise released such fact is also required to be intimated to the Speaker by the authority concerned in prescribe form.

آگے جناب اہم ہے Even when a member has not been arrested within restrict legal meaning of the term arrest but has been detained by the Police for sometime and then let off failure on part of the authorities concerned to send the necessary intimation to the matter to the Speaker has been held to constitute technically a breach of privilege of the House.

جناب چیئرمین : یہاں پر اگر آپ detain کرتے ہیں اور اطلاع نہیں بھیجتے تو پھر وہ breach of privilege بنے گا۔

چوہدری امیر حسین : جناب ان کو کچھ وقت کے لئے رکھا گیا اور بغیر کسی قانون کے رکھا گیا تو اگر ہم اطلاع نہ بھیجتے تو ہم breach of privilege کرتے یعنی اس سے ایک بات تو یہ ثابت ہوتی ہے کہ کسی قانون کے بغیر بھی کچھ عرصہ کے لئے رکھا جاسکتا ہے اور اس کی اطلاع بھی ضروری نہیں۔ یہ ہے میرا پوائنٹ۔

جناب چیئرمین : تو اس کا مطلب ہے کہ اس حد تک آپ مانتے ہیں کہ یہ کارروائی ہوئی ہے۔ supposing جس طرح کہ یہ detained ہوئے ہیں اگر آپ اطلاع نہ بھیجتے تو then it could have been a breach of privilege

چوہدری امیر حسین : اطلاع دینا ضروری ہے۔

جناب چیئرمین : It is not necessary کہ technically آپ arrest کریں even if you detain him, protective کہہ دیں جو مرضی کہہ دیں۔

چوہدری امیر حسین : اطلاع دینا ضروری ہے۔ ٹھیک ہے جناب۔ اب جناب والا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : وہ بھی دیں نا پھر چیک کر لیں گے۔ ان کی بات سن لیں پہلے

جناب یحییٰ بختیار : اس کا مطلب ہے کہ اگر کوئی جرم نہ کرے تو پھر مطلب یہ نکلتا ہے کہ جرمانہ بھی نہ کرے۔

جناب چیئرمین : پہلے ان کی بات سن لیں۔ جی جناب۔

چوہدری امیر حسین : میں چونکہ ان کا احترام بہت زیادہ کرتا ہوں میں اس کا جواب نہیں دینا چاہتا کیونکہ میں نے خود محسوس کیا ہے کہ میں نے اچھی بات نہیں کی۔ اب جناب ایک پوائنٹ ہے کہ immediately کا جو لفظ آیا تھا۔ یہ پوائنٹ ان کو raise کرنا چاہئیے تھا۔ ان کو یہ نکات اٹھانے چاہئیں تھے تاکہ ان کے کیس میں کسی حد

تک تو کوئی آدمی جواب بھی دیتا تو میں خود پوائنٹ raise کرتا ہوں اور خود اس کا جواب دیتا ہوں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: آپ ہمارے وکیل ہیں چوہدری صاحب آپ ہمارے وکیل بن جائیں۔

چوہدری امیر حسین: تو جناب یہ immediately کا بھی ۲۰۶ صفحہ پر، جناب جو جناب کے پاس فیکس آیا ۱۸ تاریخ اس پر لکھی ہوئی ہے لیکن اس کا جناب والا! انہوں نے یہ کہا ہے کہ immediately کا یہ نہیں کہ اسی وقت It depends upon the circumstances of each case تو ۲۰۶ صفحے پر آخری پیرا ہے جناب۔

چوہدری امیر حسین: یہ رول ۶۲ کہتا ہے۔

جناب چیئرمین : You see if you ask me کہ privilege Motion move کرنے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ایوان کے نوٹس میں لے آنا۔ اگر وہ چیئر آ گئی ہے، ایک آدمی لے آیا ہے تو دوبارہ تو پھر تکرار ہوگی نا۔ ایوان کے جو رولز ہیں۔ They should be so interpreted کہ تکرار نہ ہو۔ اس وقت ضائع نہ ہو۔ تو پھر اگر چالیس آدمی لکھیں تو میں چالیس تقریریں کرائوں گا؟

جناب اعجاز علی خان جتوئی : میری submission یہ ہے کہ اگر وہ move ہو چکا ہو تو پھر ہم نہیں کریں گے۔ move نہیں ہوا ہے۔ It is on the table۔

جناب چیئرمین : There are now three issues, the first issue is جس طرح راجہ افضل خان صاحب claim کر رہے ہیں کہ میرا pending پڑا ہوا ہے part heard ہے اسے take up کیا جائے۔ 2nd issue is کہ وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ ۶۲(۱) کے تحت دو raise نہیں ہو سکتے۔ 3rd issue is that I have two Privilege Motions on the same subject matter, one moved by Iqbal Haider earlier in point of time, the other moved by four other Senators lately in point of time. So in the presence of the earlier Motion how can I take up the 2nd Motion.

Mr. Ejaz Ali Khan Jatoi : Sir it was not moved, No. 1.

(Interruption)

Sir it was not moved.

Mr. Chairman : Before I allow it to be moved......

Mr. Ejaz Ali Khan Jatoi : Sir check the record it was not moved.

جناب چیئرمین : دیکھیں۔ move تو بعد میں ہوگا نا۔ پہلے تو میں اجازت دوں گا۔ تو میں نے اگر فرض کیا مسٹر اقبال حیدر کے motion کو take up کرنا ہے تو پھر میں repeat کرائوں گا باقیوں سے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب میں بات یہ کر رہا ہوں کہ اقبال حیدر صاحب کا motion اس وقت move نہیں ہوا تھا۔ ہم نے بھی motion دے دیا تھا۔ تو اب آج

یہ آپ پر ہے۔

جناب چیئرمین: جی لاء منسٹر صاحب آپ اس میں کچھ رہنمائی کریں گے؟

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! سوال تو آپ نے رکھ دیا ہے کہ مختلف ممبر ایک privilege motion issue پر پریویلج نہیں لا سکتے۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ ۶۲ (۱) جو دیکھیں گے اس میں یہ الفاظ ہیں Not more than one question shall be raised by the same member.

جناب چیئرمین: آپ پہلے ۶۱ پڑھیں نا۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: یہ آگے لکھ سکتے تھے کہ ساتھ کئی ممبر ایک نہیں لا سکتے۔

جناب چیئرمین: آپ ۶۱ پڑھیں نا۔ وہاں لکھا ہوا ہے کہ A member wishing to raise a question of privilege, shall give notice in writing to the Secretary before the commencement of the sitting on the day the question is proposed to be raised.

تو وہ اقبال حیدر صاحب raise کر دیا۔ ۶۳ کے تحت لکھا ہوا ہے کہ When a question of privilege has been allowed to be raised. یعنی میں نے اجازت دینی ہوتی ہے نا۔ So the fact, it is on the agenda means I have allowed it to be raised. جب میں raise کرنے کے لئے allow کر دیا تو وہ issue آرہا ہے۔ تو پھر چار مزید میں کیسے کر دوں۔ اگر مختلف ہوں تو پھر اور بات ہے آپ کا بھی غفار جتوئی صاحب کے بارے میں ہے۔ ان کا بھی غفار جتوئی صاحب کے بارے میں ہے۔ So that means you want me to repeat all these things five times over.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: پوائنٹ آف آرڈر۔ اسی طرح سے ہمارا Privilege Motion بھی آٹھ دس سینٹرز نے پیش کیا ہے۔

جناب چیئرمین: تو پھر غلط کیا ہے۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں۔ کیونکہ privilege کا یہ ہوتا ہے کہ۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب ۶۲ (۱) یہ کہتا ہے کہ ایک issue دو مرتبہ، میں

کہتاہوں کہ یہ نہیں کہا گیا ہے کہ کئی ممبران نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین : میں اپ کو مثال دے رہا ہوں ایف آئی آر کی۔ ایک آدمی جا کر اطلاع کر دیتا ہے کہ جی یہ واقعہ ہوا ہے۔ اب اس کے بعد اس ایف آئی آر پر کارروائی ہو گی۔ مزید investigation ہو گی، پوچھ گچھ ہو گی لیکن یہ تو نہیں ہے کہ دس آدمی آئیں اور دس ایف آئی آر ہو جائیں۔

(مداخلت)

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب اس وقت آپ کے سامنے ایک Motion پڑا ہوا ہے جس کے بارہ محرکین ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ غلط ہے نا۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : ہم تین ہیں اور ان کے علاوہ پانچ چھ ممبر اور ہیں۔ ساتھ آٹھ محرکیں ایک Privilege Motion میں پہلے سے ہی ہیں۔ جو ہمارا موشن ہے اور ہم یہ کہتے ہیں کہ اس وقت یہ پیش نہیں ہوا تھا۔

جناب چیئرمین : یحییٰ بختیار صاحب کی request ہے We will have a tea break for 15 minutes

(اجلاس کی کارروائی پندرہ منٹ کے لئے ملتوی کر دی گئی)

نماز مغرب کے بعد کی کارروائی

جناب چیئرمین : (قدرے توقف)

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جی شروع کریں۔

جناب چیئرمین : انتظار کر رہے ہیں کہ اقبال حیدر صاحب آلیں تاکہ ان کی بات سن کر معاملہ آگئے بڑھائیں۔

سید عباس شاہ : جی وہ کیا کیفٹریا میں ہیں۔

جناب چیئرمین : ان کو اطلاع ہو گئی تو وہ آجائیں گے۔ جی ڈاکٹر ریحان صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے تھے۔ جی، اقبال صاحب آگئے ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman ; No, No, I wanted to settle this matter. Frankly why I am saying all this because کئی دفعہ ہوتا ہے اقبال حیدر صاحب The reason why I am asking you to all this کہ میں نہیں چاہتا کہ اس میں پھر وقت لگے کہ جی رولز کو وقتی طور پر let put them aside اگر اپ اس پر agree کر جائیں that you will only read it and adopt the arguments and he also and then adopt the arguments ایک تو factually بتا دیں کہ arrest ہوئے یا نہیں ٹھیک ہے and no further.

Syed Iqbal Haider : Agreed Sir.

Mr. Chairman ; O.K. then we will settle it.

Syed Abdullah Shah : Point of order. Sir, I seek your indulgence and I may be given the permission to present a special report of the Standing Committee.

جناب چیئرمین: یہ کہاں سے آگئی۔

Syed Abdullah Shah : Sir, that is on the agenda.

جناب چیئرمین: یہ آرڈر آف دی ڈے پر ہے۔ ایک منٹ

Syed Abdullah Shah : Sir, it is on the agenda, so this may be allowed to be moved.

جناب چیئرمین: ایک منٹ، مجھے ذرا ایجنڈا دیں۔

Syed Abdullah Shah : Sir, Item No. 2 on the agenda.

جناب چیئرمین: ایک منٹ جناب،

Syed Abdullah Shah : I am only submitting the report to the House.

جناب چیئرمین: جی ایک منٹ دیکھ لیں جی کہ یہ کیا ہے۔

جی، فرمائیے۔ move کر دیں۔

I think let's get over with this.

PRESENTATION OF THE SPECIAL REPORT OF COMMITTEE BEFORE THE HOUSE

Syed Abdullah Shah : Sir, I beg to present special report before the House, of the Standing Committee on Science and Technology on the problems related to B. Tech. Engineers.

Mr. Chairman : The report stands presented.

ٹھیک ہے جی، لیڈر آف دی ہاؤس

Mr. Muhammad Ali Khan : I also have to move a Motion.

Mr. Chairman : Yes,، جو آپ کی ہے وہ بھی پیش کر دیں جی let's get over with these small matters.

MOTION REGARDING THE REVISION OF THE CREST OF SENATE

Mr. Muhammad Ali Khan : Mr. Chairman Sir, I beg to move that the House may authorize the Chairman Senate to revise the crest of the Senate in the manner as he may deem fit.

جناب چیئرمین: approved جی، agreed جو ہم crest بنا رہے ہیں۔

(آوازیں۔ منظور ہے)

Mr. Chairman : There is a proposal which I want to put to کہ رولز وغیرہ کی اس لمبی بحث میں کیا جانا ہے ۔ یہ سارا میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ وقت بچایا جائے ، وقت ویسے بھی ضائع ہو رہا ہے تو انہوں نے کیا ہے agree they will just read the Motion and say that we adopt those arguments.

بتائیں کہ factually آپ نے دو باتیں کرنی ہے (چوہدری امیر حسین صاحب) کہ ایک arrest ہوئی ۔ یا نہیں and number 2 you will also say that I adopt the arguments.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: سب کا اکٹھا ہی کر لیں جی،

جناب چیئرمین: سب کا اکٹھا ہی لیا جائے گا۔ ٹھیک ہے جی move کر دیں۔

PRIVILEGE MOTION *RE:* ARREST OF SENATORS

Syed Iqbal Haider : Thank you Mr. Chairman. Honourable member of this House Dr. Ghaffar Jatoi, Senator was arrested illegally alongwith Mr. Altaf Hussain Bhaio, MNA and eleven other MPAs on 18th November, 1992 at about 1.30 Noon and detained at Margallah Police Station, Islamabad till late at night, this constitutes clear breach of this House as well as of the honourable member.

جناب چیئرمین: جی آپ تائید کرتے ہیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جی تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی حافظ صاحب آپ بھی تائید کرتے ہیں۔

حافظ حسین احمد: جی ہاں میں بھی تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی لاء منسٹر صاحب پہلے تو حقیقت بتا دیں کہ arrest ہوئے ہیں یا نہیں؟

چوہدری امیر حسین: سر گرفتاری نہیں ہوئی جناب۔

جناب چیئرمین: اچھا اس پہ مجھے انفارمیشن لیکر بتا دیں اور whatever arguments you have given on the other motion اور وہی اس پر consider کیا جائے گا۔ ٹھیک ہے اس پر factual جو چیز ہے you will have to tell me کہ آپ کا کیا stand ہے ہوئی ہے نہیں ہوئی کیا ہوا ہے؟

سید اقبال حیدر: سر ڈاکٹر غفار جتوئی کا بھی intimation آیا ہے آپ کے پاس۔

جناب چیئرمین: نہیں آیا ہے۔

سید اقبال حیدر: چیک کروائیں جی۔

جناب چیئرمین: دیکھیں جی چیک کریں آیا ہے ان کا کوئی --- نہیں آیا۔ ہمیں آپ لوگوں کے بارے میں intimation آیا ہے۔

(مداخلت)

سید اقبال حیدر : پھر تو greater breach of privilege

جناب چیئرمین : بہر حال وہ تو پتہ چلے گا ناں اگر تو گرفتاری - اسی لئے میں نے کہا ہے کہ factually it is important because I have got no information from any member. Now we proceed with the pending matter. Fasih Iqbal Sahib you have almost finished your speech.

Syed Iqbal Haider : Sir, just one point. Sir, yesterday a very unfortunate incident occurred that the Superintendent Adiala Jail totally disregarded and disrespected the resolution passed by this honourable house unanimously whereby it was recommended that all Senators should have the right to visit the Central prison, Adiala and meet all prisoners there. When myself and Senator Abdullah Shah Sahib went there alongwith......

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے میں نے آپ کا بیان پڑھ لیا ہے آپ کو پھر مناسب طریقے سے move کر دیں

Syed Iqbal Haider : Sir, I have moved a Privilege Motion already.

Mr. Chairman : We will see it on merit.

Syed Iqbal Haider : I respectfully seek.......

Mr. Chairman : No, No, No. I am not allowing it to be moved.

Syed Iqbal Haider : All right Sir.

Mr. Chairman : At the appropriate time we will process it.

راجہ محمد افضل خان : ان سے پہلے میں نے ایک motion دیا ہوا ہے -

جناب چیئرمین : میں جانتا ہوں وہ بھی pending ہے وہ ان کے خلاف ہے اس کو رہنے دیں بعد میں دیکھیں گے -

راجہ محمد افضل خان : جناب والا ! میں نے جو motion دیا ہوا ہے شاہ جی نے اس قدر

ایوان کی تذلیل کی ہوئی ہے کہ شاید اس کی کسی پارلیمانی ہسٹری میں کوئی مثال نہیں ملتی ہے۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ہی اہم motion ہے آپ بے شک میرے پہلے والے کو چھوڑ کر اس کو لے لیں۔

جناب چیئرمین: نہیں ایسا نہیں ہو سکتا لیکن میں جانتا ہوں آپ کا بھی آیا ہوا ہے۔

راجہ محمد افضل خان: انہوں نے جناب اس ہاؤس میں documents پھاڑ کر پھینکے ہیں۔

جناب چیئرمین: بہر حال وہ بھی مناسب وقت یہ لے لیں گے۔ جی جناب فصیح صاحب مختصر کریں جی۔

سید فصیح اقبال: جی ہاں جناب میں اپنی تقریر جس وقت کر رہا تھا تو آذان ہوئی تو پھر ہاؤس adjourn ہو گیا۔ اصل میں جناب میں کہہ رہا تھا کہ جو ملک میں سیاسی پارٹیاں ہیں تو اس وقت ہمارا ملک کسی بھی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا حکومت وقت کو بھی اور ہماری پارٹی کو بھی چاہئیے کہ dialogue شروع کریں اور یہی جمہوریت کی روح ہے۔ کیونکہ جتنی بھی پارٹیاں ہیں ان کا مقصد ہے کہ اپنے لوگوں کو پروگرام دیں لوگوں کے مسائل حل کریں اور ملک میں ہر پارٹی کا اس کی سالمیت و ترقی کا مطمع نظر ہے۔ اور جب تک کسی پارٹی کا ثبوت نہ ہو۔ یہ الزام دینا بھی بری بات ہے کہ فلاں یہ کچھ کرے گی۔ تو یہ تمام ایجنسیاں اور ادارے جو قانون نافذ کرنے کے اہل ہیں وہ ان کا پورا پورا تدارک کریں لیکن یہ جو جمہوریت کے مظاہرے ہیں اگر جمہوریت کا حصہ ہیں تو انہیں بیان دے کر اشتعال پیدا نہیں کرنا چاہئیے۔ میں اپوزیشن کے لیڈروں سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ ملک میں ایک اچھی فضا پیدا کریں یہ ان کا جمہوری حق ہے۔ اب دیکھیئے لیبر یونین میں حق ہے کہ وہ ہڑتال کریں۔ اور لفظ ہڑتال سے آپ کو یہ پہلے سے امید ہے کہ وہ ایسا کریں گے۔ اس کے لئے آپ کے پاس law of the land موجود ہے، عدالتیں موجود ہیں سپریم و ہائی کورٹس ہیں میں تو سمجھتا

ہوں کہ اس قسم کا دعویٰ نہیں رکھنا چاہیے اور ملک میں کم از کم ایک مفاہمت کی فضا ہونی چاہئیے۔ آج پاکستان کو ۴۵ سال ہو گئے ہیں لیکن جمہوریت پروان اس لئے نہیں چڑھ سکی ہمیشہ یہاں نوکر شاہی کا عنصر غالب رہا۔ اور آج بھی جو فیصلے ہیں ان پر زیادہ اثرات انہی کے ہیں۔ ورنہ یہ سیاسی فیصلے سیاسی رہنما ہی کر سکتے ہیں۔ اور آپس میں یہ فیصلہ کریں کہ اس ملک کو کس طرف لے جانا ہے۔

جناب میں مسلم لیگ کا ہوں اور مجھے اس پر فخر ہے اور ہمارے لیڈر قائد اعظم محمد علی جناح تھے اور مسلمانوں کی تاریخ میں ایسا لیڈر اور نہیں ہے جنہوں نے آئینی لڑائی لڑی ہے اور انہوں نے اصولوں پر کبھی سودا نہیں کیا اور ہمیشہ آئینی کی پاسداری کی ہے۔ لہٰذا ان کے اصولوں کو سامنے رکھیں اور مفاہمت کی فضا پیدا کریں اگر کوئی پارٹی جمہوریت کے اندر رہتے ہوئے کوئی کام کرتی ہے تو یہ ان کا حق ہے لیکن اس قسم کی فضا سے اجتناب کی فضا سے اجتناب برتا جائے۔ میں دونوں پارٹیوں کے رہنماؤں سے کہتا ہوں کہ وہ اس مسئلہ پر سوچیں۔ پاکستان ماشاء اللہ اس وقت مسلمان ملکوں میں واحد ملک ہے جس پر تمام مسلمانوں کی نظریں ہیں اور صہیونی طاقتیں مسلمانوں کو خوشحال دیکھنا نہیں چاہتیں آج بوسینا میں قت عام ہو رہا ہے تو سب مسلمان دیکھ رہے ہیں کہاں ہے عربوں کی حمایت، آج وہ عرب کہاں گئے؟ آج وہ امریکہ کے کاسہ لیس بنے ہوئے ہیں اس لئے میں سمجھتا ہوں پاکستان ایک ایسا ملک ہے جو اسلام کا قلعہ ہے اس بنا پر ہم بڑے فرائض عائد ہوتے ہیں۔ اور ہم اپنے ملک میں ایسی فضا پیدا کریں تاکہ دوسرے ملکوں کے لئے ہم ماڈل ثابت ہوں لہٰذا میری تمام سیاستدانوں سے گزارش ہے کہ اس سسٹم کو خراب نہ ہونے دیں اور آمریت سے ہمیشہ پاکستان کو نقصان پہنچا ہے آج ہم جہاں ہیں وہاں ہمیں نہیں ہونا چاہئیے۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ پاکستان ایک ایسے سٹیج پہ ہے کہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ ہمیں اس قسم کے انتہار ٹیرین فیصلے نہیں کرنے چاہئیں تاکہ جمہوریت ملک میں پھلے پھولے اور جتنے بڑے ہمارے سنیٹرز لیڈر ہیں وہ ملک میں ہنگامہ سے پرہیز کرتے ہیں اور بدامنی انتشار نہیں چاہتے اگر یہی سب کا مطمع نظر ہے تو

پھر آپس میں بات چیت کریں اور تناؤ کی فضا ختم کریں۔ اگر ایسا نہیں کیا گیا تو پھر کوئی تیسری طاقت آجائیگی جس کو ہٹانے کے لئے بھی ۱۵ سال چاہئیے ہوں گے۔ تو یہ ابھی موقع ہے یہ مارچ اور دیگر چیزیں کرنے سے پہلے سوچا جائے کہ ملک میں لوگوں کا کوئی مسئلہ حل ہوگا؟ جہاں تک الیکشن کا ہے یہ ڈیمانڈ اگر کوئی کرتا ہے تو کرے لیکن یہ دیکھا جائے کہ آپ کی اسمبلی موجود ہے سینٹ موجود ہے آپ نے اپنے ممبروں کے لئے کیا کیا؟ کسی نے بھی ہمارے Privilege اور پارلیمنٹ کی sovereignty کے لئے کچھ نہیں کیا آج لیجسلیٹر بیٹھے ہوئے ہیں ان کے دفاتر نہیں ہیں۔ کمیٹیوں کی رپورٹس پر عمل نہیں کیا جاتا۔

جناب چیئرمین: اس کا لانگ مارچ سے کیا تعلق ہے؟

سید فصیح اقبال: نہ، نہ، اس کا تعلق ہے ناں۔ اس لئے کہ عوام کے مسائل حل ہوں تو کوئی مارچ نہئیں ہوگا اس ملک میں۔ نہ شارٹ مارچ نہ ہی لانگ مارچ ہوگا۔

جناب چیئرمین: میں صرف اس لئے اجازت دے رہا ہوں کہ یحییٰ بختیار صاحب نے کہا ہے کہ تعلق ....

سید فصیح اقبال: جی ہاں تعلق ہے۔ ہمارے محترم لیڈر ہیں۔ عرض ہے کہ اب یہ کوشش کی جائے کہ sovereignty of Parliament ہو۔ دیکھیں آج اخبارات نے اس ملک میں پارلیمنٹ کا کام انجام دیا ہے جب پارلیمنٹ نہیں ہوتی تھی۔ آج خدا کا شکر ہے پارلیمنٹ ہے، میڈیا، پریس آزاد ہے اور یہ آزادی کسی طشتری میں نہیں دی گئی، آزادی لی گئی ہے۔ لہٰذا یہ وقت ہے ابھی بھی سوچیں۔ پارلیمنٹ کو sovereign کریں جو کچھ ہوگا اس ہاؤس میں ہوگا اور کسی کو اشتعال نہ دیں ایک دوسرے کی عزت کریں آپ دیکھیں کہ ہاؤس کے custodiun ہیں اب تک پارلیمنٹ کی sovereignty کے لئے کیا کیا ہے؟ لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ مفاہمت کا راستہ ضروری ہے۔ اور دونوں سے اپیل ہے کہ لوگوں کے جذبات کو ٹھنڈا کریں اور اپس میں بات چیت کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی شکریہ۔ ڈاکٹر عبدلغفار جتوئی صاحب absent جی۔ ملک

محمد علی خان صاحب absent خواجہ محمد آصف صاحب........ مختصر اً کہہ دیں۔

خواجہ محمد آصف: جناب چیئرمین! یہ Privilege Motion جو راجہ صاحب نے move کیا اس پر ۱۸ سے پہلے بحث شروع ہوئی اور جن خدشات کا اظہار کیا گیا پیپلز پارٹی یا پی ڈی اے نے ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے پوری پوری کوشش کی اور راجہ صاحب محترم نے جن چیزوں کی نشاندھی کی ان تمام چیزوں کو اور باتوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اپوزیشن نے ۱۸ کو اور ۱۹ کو...

جناب والا! میں مختصراً یہ عرض کروں گا کہ ہمارے پاس اس وقت تمام جمہوری ادارے الحمد اللہ موجود ہیں۔ اپوزیشن ان تمام اداروں میں جس میں پارلیمنٹ سب سے اہم ادارہ ہے Participate کر رہی ہے۔ نیشنل اسمبلی ، سینٹ دونوں کی کارروائیوں میں جب سے ۱۹۹۰ء کے الیکشن ہوئے ہیں بھرپور انداز میں حصہ لے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جو بھی grivances socalled اپوزیشن کو اس حکومت سے ہو سکتے ہیں ان grievances کو redress کرنے کے لئے دوسرے ادارے بھی موجود ہیں۔ لیکن ان تمام اداروں کے موجود ہونے کے باوجود اپوزیشن نے جو راستہ اپنایا ہے وہ ان اداروں کو تباہ کرنے کا راستہ اپنایا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پیپلز پارٹی کی لیڈر شپ جس خاندان کے ہاتھ میں ہے اس کا کبھی بھی جمہوریت پہ ایمان نہیں رہا۔

(مداخلت)

یہ question, question کرتے کرتے خود سوالیہ نشان بن جائیں گے۔ اگر آپ مجھے چند لمحات دیں تو میں جمہوریت کے ساتھ وابستگی جو بھٹو خاندان کی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں اس مسئلے میں کیا جانا ہے۔

خواجہ محمد آصف: جناب! یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔ اس وقت جو کوشش ہو رہی ہے وہ اس ملک میں democracy کو ختم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: تو خاندان کی کیا بات کرتے ہیں۔ سیدھی بات کریں۔

خواجہ محمد آصف: یہ پیپلز پارٹی سوائے بھٹو خاندان کے باقی کچھ بھی نہیں ہے۔

اس کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں ہے یہ لوگ ۱۹۵۸ء کے مارشل لاء کی پیداوار ہیں۔ اس کے بعد ایوب خان کے مارشل لاء میں یہ لوگ پروان چڑھے۔ اس کے بعد یحییٰ خان کے مارشل لاء میں یہ لوگ ڈپٹی پرائم منسٹر اور وزیر خارجہ رہے۔ اس کے بعد یہ پہلے سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اس ملک میں رہے۔ یہ کس جمہوریت کی بات کرتے ہیں۔

Syed Abdullah Shah : Sir, the honourable member is not relevant. Kindly request them to be relevant.

خواجہ محمد آصف: جناب سچی بات ان کو کڑوی لگ رہی ہے۔ انہوں نے تمام ادوار میں مارشل لاء کی حمایت کی ہے۔ جناب ہم ضرور مارشل لاء کے ساتھ رہے ہیں۔

سید عبداللہ شاہ: تو پھر کیسے criticise کر سکتے ہیں۔

خواجہ محمد آصف: یہ ہمیں ایک مارشل لاء کا طعنہ دیتے ہیں۔ مسٹر اقبال حیدر صاحب نے فرمایا تھا کہ ہم جنرل ضیاء الحق کے orphans ہیں۔ لیکن یہ تو تمام مارشل لاء ون کے یتیم ہوئے ہیں۔ یہ سکندر مرزا کے ایوب خان، یحییٰ خان کے اور پھر اپنے مارشل لاء کے بھی یتیم ہوئے ہیں۔ انہوں نے نیشنل اسمبلی آف پاکستان سے عوامی مارشل لاء کی توثیق کروائی۔ پہلی دفعہ مارشل لاء کی اسمبلیوں نے توثیق کی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: I Abdul Hamid Jatoi refused to vote for that know انہوں نے مجھے خود بنایا تھا۔

راجہ محمد افضل خان: میرے ساتھ انہوں نے ووٹ دیا تھا۔ انہوں نے ووٹ نہیں دیا تھا۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں he refused انہوں نے ووٹ نہیں دیا تھا۔

خواجہ محمد آصف: ان لوگوں کی memories بڑی شارٹ ہیں۔ یہ آج ---

Mr. Yahya Bakhtiar : He is not relevant on the point. Who gave 1973 unanimous Constitution, who got the credit for that.

خواجہ محمد آصف: اسی constitution کو ختم کرنے کی آپ باتیں کر رہے ہیں۔ ان

کی جو ای ای سی کا فیصلہ ہے اسی constitution کو ختم کرنے کی باتیں کر رہے ہیں۔
جناب یحییٰ بختیار: ان کے پرائم منسٹر نے جو کل تقریر کی ہے وہ دیکھ لیں۔ پڑھ لیجئے۔

خواجہ محمد آصف: جناب جس لانگ مارچ کی یہ باتیں کر رہے ہیں۔ یہ شکست خوردہ elements کا feudal مارچ ہے۔ یہ لانگ مارچ پاکستان میں شکست خوردہ قوتوں feudal مارچ ہے اور یہ feudal مارچ ہو چکا ہے۔ میں ان کو درخواست کروں گا کہ یہ اپنی حسرتوں کی لاشوں کو دفن کریں اور گھر گھر جائیں۔

جناب چیئرمین: next جی، عبدالستار لالیکا صاحب، نہیں ہیں۔ ظریف خان مندوخیل صاحب، نہیں ہیں۔ برکات احمد صاحب، نہیں ہیں۔ سہراب کھوسو صاحب، نہیں ہیں منظور احمد گچکی صاحب نہیں ہیں، شہزاد گل، نہیں ہیں۔ جناب مزمل شاہ صاحب۔ دو منٹ میں بات ختم کریں جی۔ کر چکے ہیں تو ٹھیک ہے۔ طارق چوہدری صاحب، نہیں ہیں۔ ڈاکٹر ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان: چیئرمین صاحب آپ کا بہت شکریہ۔ آپ نے اس موضوع پر آپ نے مجھے وقت دیا۔ میں راجہ افضل صاحب کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے موجودہ حالات کے مطابق جو کچھ ہنگامہ آرائی، افراتفری اور ہلڑ بازی کا پروگرام ملک میں جمہوری اداروں کو ختم کرنے کے لئے جو بنایا گیا تھا اس کے متعلق انہوں نے اپنی جو privilege motion پیش کی ہے میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھے بھی موقع ملا۔ جناب والا! یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ بالکل بات ہے کہ ایک جمہوری ملک میں لوگوں کے بنیادی حقوق ہوتے ہیں کہ وہ assemble ہو سکتے ہیں۔ وہ بالکل صحیح ہے کہ راجیہ سبھا، لوک سبھا، ہاؤس آف کامنز اور ہاؤس آف لارڈز یا اپنے ملک میں لوگ اپنی grievancies یا اپنی جائز شکایات کے لئے ان کے سامنے جا کر وہ مظاہرہ کر لیتے ہیں۔ لیکن وہ مظاہرے ہمیشہ پرامن رہے ہیں۔ وہ اس لئے جانتے ہیں کہ وہاں پر پارلیمینٹ ہو، سینٹ ہو یا صوبائی اسمبلی ہو، وہاں سے وہاں کے منتخب ممبران نکل کر ان کی شکایات سن کر اندر

ہاؤس میں جا کر پیش کرتے ہیں ۔ لیکن یہ ہم نے کبھی نہیں سنا تھا کہ ایک مہذب ملک میں جو جمہوریت ، جو آئین کے مطابق چل رہا ہو کہ جہاں آئین کے مطابق کوئی کال دے کہ جی آپ لاکھوں کی تعداد میں آئیں ، ہزاروں کی تعداد میں آئیں ۔ سر پر کفن باندھ کر آ جائیں ۔ ساتھ خشک راشن لے کر آ جائیں اور آ کے دھرنا مار کر بیٹھ جائیں اور اس وقت تک بیٹھے رہیں جب تک اس حکومت نے استعفیٰ نہ دیا ہو ۔ آخر یہ کون سی کتاب میں لکھا ہوا ہے ۔ کیا یہ آئین کی خلاف ورزی نہیں ہے ۔ کیا وہ جو اپنے آپ کو خود بھی ہاؤس میں لیڈر آف دی اپوزیشن کہلواتی ہیں اور وہ کہتی ہیں کہ یہ بوگس اسمبلی ہے ۔ اگر یہ بوگس اسمبلی ہے تو پھر اس سے مستعفی کیوں نہیں ہوتی ہیں ۔

<u>جناب چیئرمین</u> : یہ arguments پہلے آچکے ہیں ۔ یہ ساری باتیں ہو چکی ہیں ۔

<u>ڈاکٹر محمد ریحان</u> : جناب میں تھوڑا سا عرض کرتا ہوں ۔ اصل میں ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ یہ پارٹی جس طرح میرے دوست نے کہا ، چونکہ میں پیشے کے لحاظ سے ڈاکٹر ہوں ۔ جس طرح ہم ایک مرض کی تشخیص کرتے ہیں تو اس کی past history ، اس کی پرسنل ہسٹری اور فیملی ہسٹری دیکھتے ہیں جو کہ diagnosis میں بڑی کارآمد ہوتی ہے ۔

<u>جناب چیئرمین</u> : لیکن یہ نہ ہو کہ ہسٹری لیتے لیتے مریض ہی نہ مر جائے ۔ آپ تشخیص میں لگے رہیں ۔

<u>ڈاکٹر محمد ریحان</u> : ہم اس کا علاج کریں گے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ مریض ٹھیک ہو جائے اور وہ جو ادھر ادھر کی باتیں کر رہی ہے ۔ تو ۱۹۷۰ء کے انتخابات کے اس پارٹی نے نتائج تسلیم نہیں کئے اور اس کے متعلق یہ کہا کہ اگر کوئی گیا تو ہم اس کی ٹانگیں توڑ دیں گے ۔ ٹانگیں توڑنا تو بچ گیا لیکن ملک ضرور توڑ دیا گیا ۔ یہ ان کے چہرے پر ایک بدنما داغ ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ یاد رہے نہ کہ جو باقی ماندہ پاکستان رہ گیا تھا اس کے استحکام کے لئے ، ملک کو قائم رکھنے کے لئے ایک arrangement بنایا گیا کہ جس صوبے میں جس کی اکثریت ہو وہاں پر حکومت بنائیں ۔ اس کے مطابق مینگل صاحب کی حکومت بلوچستان میں بن گئی اور مفتی محمود صاحب کی حکومت سرحد میں بن گئی ۔

<u>جناب چیئرمین:</u> ٹھیک ہے جی ساری بات ہو گئی۔

<u>ڈاکٹر محمد ریحان:</u> میں آخر میں کہنا چاہتا ہوں کہ یہ مارچ ملک کی تعمیر کے لئے نہیں ہے بلکہ یہ ملک کی تباہی بربادی کے لئے ہے۔ اور اس ملک کے لوگ باشعور ہیں۔ وہ سمجھدار ہیں۔ وہ انشاء اللہ ان کے ان مکر و عزائم کو ناکام بنائیں گے۔

<u>جناب چیئرمین:</u> مزمل شاہ صاحب آپ کی بات تو ہو چکی ہے۔

سید مزمل شاہ: میں نے کب کی ہے۔

<u>جناب چیئرمین:</u> جتوئی صاحب نے کہا ہے۔

سید مزمل شاہ: جتوئی صاحب کہتے ہیں تو ٹھیک کہتے ہیں۔ میں نہیں کہتا۔

<u>جناب چیئرمین:</u> چلیں مختصر کہہ لیں۔

<u>سید مزمل شاہ:</u> جناب یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔ اور سنجیدہ بھی۔

<u>جناب چیئرمین:</u> ٹھیک ہے سنجیدہ ہے۔ لیکن آج ٹائم ختم ہو رہا ہے۔

سید مزمل شاہ: تو پھر اس motion کو اگلے سیشن میں آپ لیں۔ تاکہ ہر آدمی کھل کر اس پہ بات کر سکے۔ اس میں جو معزز ممبران movers ہیں صرف ان کا استحقاق مجروح نہیں ہوا ہے۔ پورے ہاؤس کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ نیشنل اسمبلی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اور اس کے ساڑھے تیرہ کروڑ عوام کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ انتہائی سنجیدہ مسئلہ ہے۔ جناب میں آپ سے عرض کروں گا کہ آپ یہ چیز ضرور پیش نظر رکھیں۔ میں ماضی کی طرف نہیں جانا چاہتا کہ بہت سی باتیں میں نے پچھلی مرتبہ ریکارڈ پر لائی ہیں۔ اگر ہم اپنے ماضی کی طرف جائیں تو اسی قسم کی باتوں کا تو کیا۔ ہم نے جب آئین کا احترام نہیں کیا۔ جب ہم نے عوام کی رائے کا احترام نہیں کیا۔ جب ہم نے ان معزز ایوانوں کا احترام تک نہیں کیا۔ اس کا نتیجہ کیا ہوا۔ آدھا ملک گیا جس طرح بھی گیا بہرحال آدھا ملک رہ گیا۔ اس کے بعد آج تک عوام کی ترقی کا سارا مسئلہ رکا ہوا ہے۔ دو سال تک بحیثیت رکن ان ایوانوں میں جو لوگ بیٹھے انہوں نے اچانک ایک اچنبے کے طور پر ایک بات کی کہ یہ

ایوان غیر نمائندہ نہیں اور ایسی بات کی کہ جو بالکل آئین کے منافی ہے۔ تو اس کے جو حالات پیدا ہو رہے ہیں اب غور فرمائیں اس سے زیادہ سنجیدہ مسئلہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ اس ضمن میں آپ لازماً ہمیں ٹائم دیں۔

جناب چیئرمین: تقریر آپ نے کر دی اور کیا ٹائم دیں۔

سید مزمل شاہ: تقریر کہاں کی۔ یہ تو بس میں نے چند ابتدائی باتیں کی ہیں۔

جناب چیئرمین: تو آپ کے خیال میں یہ تحریک استحقاق منظور ہونی چاہئے؟

سید مزمل شاہ: یقیناً منظور ہونی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

سید مزمل شاہ: اس پر وہ ساری ضروری باتیں آنی چاہئیں۔

جناب چیئرمین: ساری باتیں ہو چکی کوئی نئی بات کریں۔ جو باتیں آپ نے نہیں کیں وہ سب آپ کے ساتھیوں نے کر دیں۔

سید مزمل شاہ: میں نے تو چند تمہیدی الفاظ کہے ہیں۔ میں نے کوئی تقریر ابھی تک نہیں کی ہے جناب۔

جناب چیئرمین: آپ کوئی نئی بات ہے تو وہ بتا دیں۔

سید مزمل شاہ: نئی بات جناب اس میں یہی ہے۔ جہاں تک سیاسی پارٹیوں کا تعلق ہے۔ وہ جمہوریت کا حصہ ہیں۔ ہمارے لئے قابل احترام ہیں ان کے لیڈر صاحبان بھی یقیناً ہمارے لئے قابل احترام ہیں۔ ہم ان کی عزت کرتے ہیں۔ ان کا احترام کرتے ہیں۔ جہاں تک اپوزیشن لیڈر کا تعلق ہے، اپوزیشن پارٹی کا تعلق ہے۔ جو ذمہ داری عوامی سطح پر حکومت کی ہے بالکل وہی ذمہ داری اپوزیشن پارٹی اور اپوزیشن کے لیڈر کی ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس ذمہ داری کو نبھانے کا کیا یہ انداز ہے کہ دو سال ان ایوانوں میں بیٹھ کر ان ایوانوں کے بحث مباحثے میں شریک ہو کر اسکے مسائل میں شریک ہو کر دو سال کے بعد کہتے ہیں کہ جی ہم بالکل نہیں مانتے یہ بالکل غلط جمہوری حکومت ہے۔ یہ الیکشن بالکل ناجائز ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: سمجھ آگئی - آپ تشریف رکھیں۔

سید مزمل شاہ: مجھے آپ دو چار پانچ دس منٹ تو دیں سر۔

جناب چیئرمین: دو چار منٹ نہیں ہو سکتے - اٹھ بجنے والے ہیں۔

سید مزمل شاہ: مجھے کچھ ریکارڈ پر تو لانے دیں۔

جناب چیئرمین: بس ہو گئی - بس بیٹھ جائیں - ابراہیم صاحب۔

سید مزمل شاہ: جناب اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس بحث میں میں شریک نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین: میں نے آپ سے عرض کیا ہے جس وقت تقریریں ہو جائیں۔ اس وقت اصول یہ ہوتا ہے کہ گر کوئی نئی چیز ہو تو لائیں اور ٹائم کی بھی بات ہے۔ ٹائم کی بات نہ ہوتی تو میں آپ کو بیس منٹ دے دیتا۔

سید مزمل شاہ: جناب صحیح چیز کیا ہو گی۔

جناب چیئرمین: نئی چیز بتا دیں۔ نئی چیز سن لیتے ہیں۔

سید مزمل شاہ: نئی چیز یہ ہے جناب کہ یہ صرف اس لئے کیا گیا ہے کہ دو سال میں موجودہ حکومت عوام کے لئے جو کام کیا ہے۔ جو کارروائی اس کی ہے۔ اس کارروائی کے پیش نظر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر پانچ سال کا پورا وقت ان کو دے دیا جائے تو پھر پیپلز پارٹی کے لئے کوئی جگہ یہاں نہیں ہے یہ نئی بات ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایک طرف ملک میں فلڈ آیا ہوا ہے۔ حکومت اس کی آباد کاری میں لگی ہوئی ہے۔ دوسری طرف محترمہ بے نظیر نے کال دے دی ہے کہ ہم جا کر ایوانوں پر قبضہ کریں گے۔ اور حکمرانوں کو اٹھا کر باہر پھینک دیں گے۔ ایک وجہ۔ دوسری اس کی وجہ یہ ہے کہ افغانستان کا جہاد اس حکومت کے وقت میں کامیابی سے ہمکنار ہوا۔ تیسری وجہ اس کی یہ ہے جناب اخلاقی، سفارتی سطع پر حکومت جو کشمیر کہ مجاہدین، فریڈم فائٹر کی مدد کر رہی ہے اور کشمیر کی آزادی قریب تر آرہی ہے بیرونی دنیا میں اس امر کو تسلیم کرنا شروع کر دیا ہے۔ اب دوسری وجہ اس کی یہ ہے کہ اگر یہ بات نہیں ہوتی ہے تو وہاں ان کو آزادی ملتی ہے۔

اس سے بھی موجودہ حکومت کو کریڈٹ ملتا ہے۔

جناب چیئرمین : اب wind up کریں۔

سید مزمل شاہ : میں wind up کرتا ہوں۔ اس کی تیسری وجہ یہ ہے وسط ایشیا کے ممالک کے ساتھ موجودہ حکومت دوستی کے تعلقات پیدا کر رہی ہے اب وسط ایشیا کے ممالک افغانستان ، ایران اور ترکی کے ساتھ پاکستان مل کر ملت اسلامیہ کے لئے ایک بہت بڑا کردار ادا کر سکتا ہے۔ یہ بات بھی ان کو نہیں جچتی ہے۔ اس لئے بھی یہ اس حکومت کو برداشت نہیں کر سکتے۔ جناب والا! ان ساری چیزوں کے ہوتے ہوئے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا انہوں نے جو کال دی اس میں یہ واضح ہو گیا کہ پبلک کا کوئی آدمی اس میں شامل نہیں ہوا ہے۔ سوائے ان کے چند ورکروں کے۔ بیس ہزار نہیں۔آپ کے پاس پچاس ہزار ورکر تک شاید ہوں۔ لازماً دوسری جماعتوں کے پاس بھی کم و بیش اسی تعداد میں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں آپ بیس ہزار کا کہتے ہیں۔ وہ بھی نہیں لا سکے۔

(مداخلت)

سید مزمل شاہ : لیکن ورکروں کے علاوہ ایک آدمی عوام سے شامل نہیں ہوا ہے۔ جناب والا! اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسے آڑے وقت میں اتنے مشکل وقت میں بجائے اس کے کہ یہ حکومت کی مدد کرتے یا عوام کے حقوق تسلیم کرتے ان کے لئے کام کرتے ۔انہوں نے ان کے لیے پریشانیاں پیدا کرنا شروع کی ہیں۔ کیا عوام نے ان کو ووٹ نہیں دئیے ؟ کیا ان کے بھی کچھ نمائندے منتخب ہو کر ان ایوانوں میں نہیں آئے ہیں۔ اگر آئے ہیں تو ان کا احترام کرنا چاہئیے ۔اگر عوام کا احترام یہ نہیں کرتے تو یقیناً عوام ان کا احترام نہیں کرے گی۔ اس کی مثال۔ موجودہ حکومت دو تہائی اکثریت سے بھی زیادہ ووٹ لے کر آئی ہے۔ کیوں ؟ اسی وجہ سے وہ آئی ہے کہ انہوں نے عوام دشمنیاں اپنائی اور انہوں نے عوام دوستی اپنائی۔ اس لئے جناب والا! میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ اس motion کو admit کیا جائے اور اس کے بعد ایک ایسی کمیٹی تشکیل دی جائے جو اس کا فیصلہ کرے اور اس فیصلے کو اس ایوان میں پیش کیا جائے اور اس کے

بعد اسی فیصلے کی نظر میں اس کو کورٹ ریفرنس تک لے جایا جائے۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ جناب ابراہیم صاحب۔ اب اپ بھی تکرار نہ کریں۔ جو نئی چیز ہے وہ بتا دیں۔

جناب محمد ابراہیم خان : معزز ممبران نے جو باتیں کہی ہیں میں نہ وہ دھراوں گا اور نہ زیادہ وقت اس ایوان یا آپ کا لوں گا۔ میں مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں۔ جناب والا! جیسے اخبارات میں آتا رہا ہے کہ ۱۸ نومبر کو جلسے جلوس ہوں گے۔ لانگ مارچ ہو گا اور پارلیمنٹ کے سامنے دھرنا مار کر بیٹھیں گے جب تک یہ حکومت ہٹائی نہیں جاتی۔ مسئلہ یہ ہے کہ حکومت بنانے یا حکومت ہاتھ آنے کے آئینی طریقے، آئین میں درج ہیں۔ سیاسی عمل پاکستان میں نہ کسی نے کبھی روکا ہے نہ اسے روکنے کی ضرورت ہے۔ بلکہ اگر بنیادی حق کسی کے معطل ہوتے ہیں کسی شہری کے یا سلب کئے جاتے ہیں تو یہ کوئی جائز بات نہیں ہے۔ ہم اس کے حامی ہیں کہ عوام کے شہری حقوق بحال ہوں۔ ان کے بنیادی حقوق رہیں کوئی ان کو معطل نہ کرے کوئی ان کو سلب نہ کرے لوگوں کو اظہار خیال کی آزادی ہو۔ لوگ جلسہ جلوس کریں۔ اپنی شکایات سامنے لائیں یہ سارے ایسے امور ہیں کہ جن پر جمہوریت آگے ترقی کرتی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے ہمارے جمہوریت کے علمبرداروں سے بہت زیادہ گلے ہیں۔ ہمارے بہت تلخ تجربے ہیں اور اگر ان تفاصیل میں آپ جائیں تو ان کے لئے دن چاہیئں۔ مہینے چاہئیں ہم لیاقت باغ کو بھی جانتے ہیں اور ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ ہمارے کتنے جنازے یہاں سے اٹھے ہیں۔ اور کس طرح سویلین لوگوں سے گولیاں برسائی گئیں ہمارے جلوسوں پر اور کیسے ان کی بسوں کو آگ لگائی گئی یہ سب طریقے ہم جانتے ہیں۔ صاحب اقتدار لوگوں نے کیا کیا، اپنے وقت میں کیا ہے۔ بہت اندھی تاریخ ہے ان سیاسی لوگوں کی۔ بہر حال آج بھی اگر ایسی سیاسی پارٹیوں نے اپنے کردار کی اصلاح کی ہے تو اچھی بات ہے۔ شاباش اچھا کیا ہے انہوں نے۔ اصلاح ہونی چاہئے۔ جمہوریت پسندی ہونی چاہئے کون کہتا ہے کہ جمہوریت نہیں ہونی چاہئے اس ملک میں۔ ہونی چاہئے۔ لیکن یہ طریقہ کہ ہم دھرنا مار کر بیٹھیں

گے جب تک حکومت ہٹائی نہیں جاتی۔ یہ کوئی آئینی طریقہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کے خیال میں یہ admit ہونا چاہئے۔

جناب محمد ابراہیم خان: یہی عناصر جب کہتے ہیں کہ صدر محترم نے اپنے صوابدیدی اختیارات استعمال کر کے ہماری حکومت توڑی ہے۔

جناب چیئرمین: یہ پرانی بات ہے۔

جناب محمد ابراہیم خان: یہ پرانی بات ہے لیکن آج وہ یہی مطالبہ کرتے ہیں کہ اسمبلیوں کو توڑ دیا جائے صدر اپنے صوابدیدی اختیارات استعمال کریں یہ اگر اس وقت غلط تھا تو آج بھی غلط ہے تو ایسا مطالبہ یہ کیوں کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ wind up کریں۔

جناب محمد ابراہیم: جناب والا! میں ختم کرتا ہوں تو جناب والا! میں یہ داد ضرور دوں گا وہ جیسے غالب نے کہا۔

کی میرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

اب پشیمان ہو گئے اب بھی ٹھیک ہے پشیمان تو ہو گئے چیئرمین صاحب آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، احسان شاہ صاحب۔

سید احسان شاہ: شکریہ جناب چیئرمین، جناب والا! جس لانگ مارچ کی بات کی جا رہی ہے یہ ہمارے ملک میں کوئی نئی بات نہیں ہے اس سے پہلے اگر ملک کی تاریخ کو اٹھا کر دیکھیں تو یہاں پر ہر ناکام سیاستدان نے اپنی سیاسی بقاء کے لئے اس طرح ترکیبیں کی ہیں جناب لانگ مارچ، کس کے خلاف، مہنگائی کے خلاف ہے دہشت گردی کے خلاف ہے، بدامنی کے خلاف ہے کس کے خلاف لانگ مارچ ہے لانگ مارچ ایک منتخب حکومت کے خلاف ہے لانگ مارچ ہے اسمبلی کے خلاف، لانگ مارچ ہے پارلیمنٹ کے خلاف یہ جناب میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کس طرح کی جمہوریت کی بات کرتے ہیں جب کہ پارلیمنٹ کو توڑنے کی بات کرتے ہیں منتخب حکومت کو

توڑنے کی بات کرتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ جی ہم جمہوریت کے چیمپئین ہیں اور جناب جب بھی اس ملک میں مارشل لاء آیا ہے تو وہ سیاستدانوں کی ناکامی کی وجہ سے آیا ہے سیاستدانوں نے آپس میں جھگڑے کئے۔ سیاستدان ایک دوسرے سے دست و گریبان ہوئے۔ اس کے بعد فوج مجبور ہوئی اور مارشل لاء لگا تو جناب یہ اس وقت بھی ملک کو انہی حالات سے دو چار کرنا چاہتے ہیں جس طرح کہ پہلے ہوا ہے اور جناب والا ! کچھ سیاستدانوں کی تو بقاء اس میں ہے کہ ملک میں ہنگامے ہوتے رہیں، بدامنی ہوتی رہے اور وہ اخباروں کی زینت بنے رہیں اور جناب والا ! مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ میں نے کتاب میں پڑھا تھا کہ امریکہ میں ایک آدمی اپنے گھر سے نکلا اور مشین گن لے کر اس نے سڑک پر فائرنگ کی جس سے لوگ مر گئے کورٹ میں لے جایا گیا تو انہوں نے کہا کہ جناب میں تو ویت نام میں امریکہ کا فوجی تھا اور جب تک میں خون خرابہ نہ دیکھوں جب تک میں بندوق کی آواز نہ سنوں مجھے چین نہیں آتا تو ہمارے ملک میں بھی کچھ ایسے سیاستدان ہیں جو جب تک کہ ہنگامے نہ دیکھیں، گھیراؤ جلاؤ نہ دیکھیں آتش زنی نہ دیکھیں ان کو چین نہیں آتا تو جناب والا ! میری گزارش ہے کہ خدا کے لئے سیاستدان اس طرح کی حرکتیں نہ کریں جس سے ملک میں بدامنی ہو یا دوبارہ مارشل لاء لگے یا کوئی تیسری قوت آئے جناب والا ! میری آخری گزارش یہ ہے کہ اس تحریک کو admit کیا جائے اور اس پر کارروائی کی جائے، شکریہ۔

جناب چیئرمین : شکریہ، جناب اعجاز علی جتوئی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب والا ! میں سمجھتا ہوں کہ جو تحریک یہاں پیش ہوئی ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : اس کے بعد ایک اور کام بھی ضروری ہے۔ Before we disburse, I would request the honourable leaders of parties and the honourable Leader of the House and the Minister. کہ میرے چیمبر میں آ

جائیں تاکہ جو اجلاس ہیں ان کی تاریخیں طے کر لی جائیں یہ بڑا ضروری ہے، مجھے انہوں نے ایک اطلاع یہ دی ہے کہ اگلا اجلاس جو ہے وہ تقریباً دسمبر کے آخری ہفتے میں یہ کروانا چاہ رہے ہیں تو roughly آپ کو idea ہو جائے گا لیکن میرا خیال ہے کہ اس کے بعد اگر آپ تشریف لے آئیں تو پھر یہاں بیٹھ کر کچھ نہ کچھ طے کر لیں گے تاکہ آپ کو پتہ ہو کہ کب اجلاس ہونا ہے please after the session is prorogued all the honourable leaders will probably تشریف لے آئیں۔

راجہ محمد افضل خان: جناب والا! ابھی جتوئی صاحب نے بھی تقریر کرنی ہے اور بہت سے معزز ممبران نے بھی تقاریر کرنی ہیں تو آپ اس کو اگلے اجلاس تک ملتوی کر دیں۔

جناب چیئرمین: نہیں جی یہ کافی ہو گیا ہے اس کو ختم کرنا ہے جتوئی صاحب کو سن کر اس کو ختم کرتے ہیں جتوئی صاحب اس کو لمبا نہیں کرنا۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب والا! جہاں تک اس تحریک استحقاق کا تعلق ہے میں آپ کا شکر گزار ہوں اس دن میں یہاں نہیں تھا۔ جب یہ تحریک استحقاق admit ہوئی تھی اور میں نے نام نہیں لیا تھا اور میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا ہے جناب والا! میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس ملک میں سیاسی عمل ہے یا نہیں ہے سوال یہ پیدا ہوتا ہے اس سے کہ جب ایک تحریک admit ہوئی ہے ایک طرف ایک پارٹی نے نہیں اس ملک کی تقریباً متحدہ اپوزیشن نے تمام پارٹیوں نے یہ کام دیا ہے کہ جی لانگ مارچ کریں اور اب وقت کم ہے میں لانگ مارچ کے سلسلے میں عرض کرنا چاہتا تھا کہ اس حکومت کے لئے مسلسل اپوزیشن احتجاج کرتی رہی آخر کار جب اسمبلیوں کے اندر ہمیں یہ حالت ملی کہ یہاں پر اتنی ہارس ٹریڈنگ ہو رہی تھی سندھ اسمبلی کی مثال لیں کہ وہاں پر اتنی ہارس ٹریڈنگ ہو رہی تھی یہاں پر اتنی ہارس ٹریڈنگ ہو رہی تھی کہ یہاں پر .... tradition کا change پورے برصغیر کی تاریخ میں نہیں ملتی in House change جبکہ آپ کہتے ہیں democratic اور

in ہےin House change ہےin House change تو طریقہconstitutional House changeجناب چیئر مین۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: جتوئی صاحب آپ اپنی بات کریں اور اس کو ختم کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: in House changeان مہذب ملکوں میں ہوتی ہے جب آپ نے دیکھا کہ امریکہ میں انتخابات ہوئے اور کس طرح سے transition of powerہوئی وہ بھی آپ نے دیکھ لیا لیکن ان سے بھی غلطی ہوئی اگر مسٹر بش کو جتانا تھا تو یہاں سے ہمیں اس کو بھجوانا تھا یہ ہمارا والا [* * * *]جاتا تو انشاء اللہ بش جیت جاتے لیکن وہ نہیں جاسکا اور بش ہار گیا۔

(مداخلت)

Mr. Chairman : Chief Election Commissioner is a Judge of the Supreme Court, so I expunge the remarks about the Chief Election Commissioner.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب والا! یہاں پر بات کی گئی ہے اس فلور پر کہ اس ملک کو دو حصے کیا گیا۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس دو حصے کرنے میں سب سے بڑی ذمداری کس پر آتی ہے پہلی بات تو یہ ہے جناب والا! اس وقت وہاں پر فوج کشی بھٹو نے نہیں کرائی تھی اس کی ذمہ داری جنرل یحییٰ خان پر آتی ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman : Khawaja Asif Sahib please sit down, I have given the floor to Aijaz Jatoi, please sit down. And Jatoi Sahib come to the issue and wind up I will give you one more minute.

"Expunged as ordered by the Chairman.".

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب چیئر مین ، اس ملک میں اس وقت کیا جمہوری اور سیاسی عمل ہے یا نہیں ہے بات تو اس کی ہے بنیادی طور پر سوال یہ آتا ہے جب یہ کہتے ہیں کہ ہے فاضل وزیر قانون صاحب آپ کہتے ہیں کہ ہے تو آپ لانگ مارچ کے متعلق آپ مجھے بتائیں کون سے آئین اور کون سے جمہوری اصولوں میں لانگ مارچ منع ہے اور جناب والا ! دوسری بات یہ ہے کہ کون سے آئیں اور کون سے democratic norms میں agitate کرنا منع ہے اور پھر یہ مجھے بڑا نئی ٹرم نظر آئی ہے سامنے کہ جب کسی حکومت کی کوئی مخالفت کرے تو یہ کہتے ہیں کہ جی یہ تو حکومت کی مخالفت نہیں ہے ملک دشمنی ہے حکومت مخالفت کیا ملک دشمنی ہوتی ہے یعنی یہاں پر پہلے یہ کہا گیا خدا کا شکر ہے کہ اب انہوں نے چینج کیا ہے پہلے تو کہتے تھے اسلام یعنی اسلامی جمہوری اتحاد کے خلاف بات اسلام کے خلاف بات تھی اس میں سزائے موت فتویٰ آجاتا تھا اگر آج حکومت کے خلاف کوئی احتجاج کرنا چاہتا ہے کوئی اپنا جمہوری حق مانگتا ہے۔ میں تو پوچھنا چاہتا ہوں وزیر اعظم صاحب نے آج کہا ہے کہ عوام ریفرنڈم کرائیں جناب والا ! عوام آپ کے سامنے ریفرنڈم کر رہے ہیں لاہور کا گلی حلقہ انتخاب جو پنجاب ہے وہ پنجاب جل رہا ہے جناب یہ لانگ مارچ عوام کا جمہوری حق ہے کہ نہیں جمہوری حق استعمال کرنے کے لئے جہاں مجمع لگانا چاہیں لگا سکتے ہیں۔ ان کو کوئی اس طرح سے آئینی طور پر منع نہیں ہے۔ freadom of speech موجود ہے جہاں مرضی ہے عوام agitate کر سکتے ہیں۔ جلسہ کر سکتے ، جلوس کر سکتے ہیں ، مظاہرہ کر سکتے ہیں یہ ڈیموکریٹک norms کے حصے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ لانگ مارچ کی کال سے کوئی ملک دمشنی نہیں ہوئی ہے میں سمجھتا ہوں آپ کو بالکل واضح طرح سے آج بتا دوں اس لانگ مارچ کے بہت repercusions ہوں گے خدارا عقل سے کام لیں اس طرح نہ سمجھیں کل آپ نے اسلام اباد کو اس طرح suround کر کے save کر دیا کل یہ عوام اپنا حق محفوظ رکھتے ہیں یہ movement ڈی سنڈلائز ہوگی اور یہ movement نیچے جائے گی۔ میں عرض کرتا ہوں۔

جناب چیئر مین : Privilege motion پر کیا کہتے ہیں admit ہونا چاہئے کہ نہیں

ہونا چاہئے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : نہیں ہونا چاہئے۔Privilege Motion بنتا نہیں ہے۔

جناب چیئر مین :Thank you وزیر پارلیمانی امور آپ بتائیں جی کہ یہ Privilege Motion ایڈمٹ ہونا چاہئے یا نہیں ۔I want to ask him finally to say whether it should be admitted or not.

چوہدری امیر حسین : بالکل ہونا چاہئے یہ Privilege Motion بنتا ہے۔

جناب چیئر مین : کس طرح وہ جو کہہ رہے ہیں کہ حق ہے ۱۵، ۱۶، ۱۷ freadom of association, freedom of movement اس کا آپ کیا کہتے ہیں۔

چوہدری امیر حسین : وہ تو جیسے میں نے پہلی Privilege Motion پر گزارش کی وہی کرتا ہوں وہی ہیں adopt کرتا ہوں,Subject to restriction unarmed اور اس کے علاوہ میں اس کو دوبارہ repeat کرتا ہوں قانون کو اپنے ہاتھ میں نہیں لیا جا سکتا۔ اور انہوں نے ۱۴۴ کی خلاف ورزی کی جو کہ غیر آئینی طریقے سے کہا کہ ہم دھرنا مار کر بیٹھیں گے اور حکومت چھین لیں گے یہ غیر آئینی طریقہ ہے پارلیمنٹ کا گھیراؤ کرنا کہاں لکھا ہوا ہے اور اس طرح انہوں نے جتنے اقدام کئے وہ غیر آئینی ہیں۔ تھوڑا سا وقت تو لگے گا۔

جناب چیئر مین : بس دومنٹ اور۔

چوہدری امیر حسین : سر! argument راجہ افضل صاحب نے کئے میں اس کو adopt کرتا ہوں۔

جناب یحییٰ بختیار : پوائنٹ آف انفارمیشن یہ ان کے پاس تھا یہ کر رہے تھے
This procession was banned a day before it started.

جناب چیئر مین : ایک دن پہلے کیوں بند کیا اس کی کیا وجہ ہے۔

چوہدری امیر حسین : سر! یہ کہ جو attempt بھی کرتا ہے، سر میں یہ پڑھتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: بس تین منٹ ختم کریں۔

Ch. Amir Hussain : "Article 6. (1) Any person who abrogates or attempts or conspires or abrogates, subverts or attempts or conspires to subvert the Constitution by use of force or show of force or by other unconstitutional means shall be guilty of high treason."

یعنی attempt کی جاتی ہے actual act کرنے سے پہلے اور show of force other unconstitutional manners میں cover ہوتا ہے۔ اس لئے یہ section six کے تحت آتا ہے۔

جناب چیئرمین: اور پندرہ سولہ کا آپ کہتے ہیں کہ reasonable restrictions۔

چوہدری امیر حسین: جو میں نے پہلے اس کو adopt کرتا ہوں اب فرض کر لیا جائے for the sake of argument without conceding ان کو اس گورنمنٹ سے کوئی گلہ ہے یا یہ سمجھتے ہیں انہوں نے یہاں جو argument کئے ہیں سینٹ کے اندر بولنے کی اجازت نہیں ملتی حالانکہ اجازت ہے اور اگر یہ سمجھتے ہیں غلط طریقہ سے تو اس لئے سینٹ کو توڑوانا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: سینٹ کے بارے میں ان کو کوئی شکایت نہیں ہے۔

چوہدری امیر حسین: سر کہا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں۔

چوہدری امیر حسین: چلو اچھی بات ہے انہوں نے نہیں کہا جناب میں گزارش کرتا ہوں آئین کے اندر ایک طریقہ کار دیا گیا ہے اس کے باقاعدہ articles ہیں No confidence لائیں اور یہ عوام کے مینڈیٹ کی توہین ہے اور اس اصغر خان کی بات کرتے ہیں جو آج بھی کہتے ہیں کہ ۱۹۷۷ء والے میرے لیٹر پر آج بھی عمل ہونا چاہئے۔ پھر بھی یہ کہتے ہیں admit ہونی چاہئے کہ نہیں۔ سر! انہوں نے واضح آج کہا ہے۔ آج کے اخبار میں کہا ہے وہ ان کا ally ہے اور وہی لانگ مارچ کرتا ہے اس نے میونسپل کمیٹی

سے لیکر قومی اسمبلی تک الیکشن لڑا اور اللہ کے فضل سے کبھی کامیاب نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین: چلیں اس کو چھوڑیں۔

He is not in the House. He cannot defend himself.

اس کی پارٹی بھی موجود نہیں ہے۔

چوہدری امیر حسین : Duly elected Parliament کو by force, show of force—topple کرنا چاہتے تھے۔ اور پارلیمنٹ کو dissolve کرنا چاہتے تھے۔

Mr. Chairman : O.K. So, the ruling is reserved on this question. Then I will read the prorogation order of the President.

I exercise of the powers conferred by clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President hereby prorogues the Senate on the conclusion of its sitting on the 22nd of November, 1992.

Sd/-
GHULAM ISHQUE KHAN,
President.

(The Senate then prorogued).

PCPPI—589 (96) Senate—22-1-2000—150.